# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 24 جون 2013ء بمطابق 14 شعبان 1434 ہجری بعداز دوپہر چار بجکر پچاس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔
یٰۤاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَ قُوۡلُوۡا قَوۡلًا سَدِیۡدًاO یُّصۡلِحۡ لَکُمۡ اَعۡمَالَکُمۡ وَ یَغۡفِرۡ لَکُمۡ ذُنُوۡبَکُمۡ ؕ وَ مَنۡ یُّطِعِ اللّٰہَ وَ رَسُوۡلَہٗ فَقَدۡ فَازَ فَوۡزًا عَظِیۡمًا۔

(ترجمہ): اے ایمان والوں اللہ سے ڈرو اور راستی کی بات کہو۔ اللہ تعالیٰ (اس کے صلہ میں) تمہارے اعمال قبول کرے گا اور تمہارے گناہ معاف کر دے گا اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرے گا سو وہ بڑی کامیابی کو پہنچے گا۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: ان معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں: جناب میاں ولی الرحمان صاحب 24-06-2013، جناب صالح محمد صاحب 24-06-2013، جو منظوری کیلئے ایوان کو پیش کرتا ہوں، منظور ہے؟

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The leave is granted. The honourable Minister for Law and Parliamentary Affairs Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 1.

جناب فضل الہی: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب فضل الہی: دا واقعه شوې ده پشاور کښې، یو ډی ایس پی صاحب وفات شوے دے-----

جناب سپیکر: دې نه پس به دغه کوؤ دا چونکه اوس کټ موشنز دی، دې نه پس به دغه کوؤ ان شاءالله۔

جناب فضل الہی: دعا کوؤ، مذمت کوؤ جی-----

جناب سپیکر: دعا، مولانا مفتی صاحب۔

جناب فضل الہی: او مونږ دا یوه مطالبه کوؤ چې کم از کم دا سې واقعې، دا سې یو واقعه وشوه، دا Target killing وو، دا سیکیورټی ناکامه ده، زمونږ دا سی سی پی د دلته نه بدل کړے شی کم از کم چې دومره معمولی غونده کښې چې کوم دے دغه نشی کنټرول کولے حالات، دې د پاره جی-----

شوکت علی یوسفزئی(وزیر اطلاعات): دا فضل الهی خان ډیره صحیح خبره وکړه، اوس زه د جنازې نه راغلم، یو افسر او ډرائیور وفات شوی دی۔

اراکین: دعا کرائی جائے۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب، مفتی صاحب ته خواست دے چې دعا وکړی۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

## سالانہ مطالبات زر پر بحث اور رائے شماری

Mr. Speaker: The honourable Minister for Law and Parliamentary Affairs, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 1.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور (وزیر قانون): سر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو کہ مبلغ 8 کروڑ 84 لاکھ 90 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران صوبائی اسمبلی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. 8 crore, 84 lac, 90 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Provincial Assembly.

Since no cut motion has been moved by any honourable Member on Demand No. 1, therefore, the question before the House is that Demand No. 1 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The mtion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted.

(Applause)

Mr. Speaker: The honourable Minister for Law, on behalf of hnourable Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 2.

وزیر قانون: تھینک یو سر۔ سر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو کہ مبلغ ایک ارب 68 کروڑ 65 لاکھ 55 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران نظم و نسق عمومی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. one billion, 65 lac and 55 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that

will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Administration.

Cut motions on Demand No. 2: Arbab Akbar Hayat Khan, to please move his cut motion on Demand No. 2.

ارباب اکبر حیات: جناب سپیکر! میں محکمے کی ناقص کارکردگی کی بناء پر آٹھ سو روپے کی کٹ موشن کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees eight hundred only. Ms. Amna Sardar, to please move her cut motion on Demand No. 2.

محترمہ آمنہ سردار: جناب سپیکر! میں تین لاکھ روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees three lac only. Ms. Ruqia Hina, to please move her cut motion on Demand No. 2.

محترمہ رقیہ حنا: جناب سپیکر! چونکہ محکمے کی کارکردگی مطمئن کن نہیں ہے، اسلئے میں تین لاکھ روپے کی کٹ موشن پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees three lac only. Sardar Mehtab Ahmad Khan Abbasi, to please move his cut motion on Demand No. 2. Not present, it lapses. Sardar Aurangzeb Nalotha, to please move his cut motion on Demand No. 2. Not present, it lapses. Mr. Shah Hussain, to please move his cut motion on Demand No. 2.

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر! زہ د ایک سو گیارہ روپو کٹ موشن تحریک پیش کوم جی۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred & eleven only. Madam Sobia Shahid, to please move her cut motion on Demand No. 2.

محترمہ ثوبیہ شاہد: محکمے کی کارکردگی سے مطمئن نہیں ہوں، اسلئے آٹھ سو روپے کی کٹ موشن پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees eight hundred only. Mr. Saleh Muhammad, to please move his cut motion on Demand No. 2. Not

present, it lapses. Madam Uzma Khan, to please move her cut motion on Demand No. 2.

محترمہ عظمیٰ خان: تھینک یو، مسٹر سپیکر۔ میں دو ہزار روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five hundred only. Mr. Askar Parvez, to please move his cut motion on Demand No. 2.

جناب عسکر پرویز: جناب سپیکر، محکمہ اپنے فرائض میں مکمل طور پر ناکام ہے اسلئے میں آٹھ سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

جناب بہرام خان: جناب سپیکر صاحب! یہ آپ نے کچھ اور کہا تھا اور محترمہ عظمیٰ خان نے کچھ اور کہا تھا۔

جناب سپیکر: تفصیلات اس کے بعد جو فائنل ہو جائے گا، جو کچھ کوئی کہنا چاہے گا اس کے بعد کہے گا۔

وزیر قانون: سر، اس میں جو لکھا ہوا ہے، آپ کی Statement ہے، اس میں آپ مزید امنڈ منٹ نہیں کر سکتے رولز آف بزنس کی رو سے، تو اگر محترمہ کا Slip of tongue ہو گیا ہے تو اس کو دوبارہ موقع دیدیں کہ وہ Revise کر لیں۔

محترمہ عظمیٰ خان: سر، یہ رقم Five hundred ہی ہے، Five hundred ہے،

Sir! You are right.

Mr. Speaker: Mr. Abdul Munim, to please move his cut motion on Demand No. 2.

جناب عبدالمنعم: جناب سپیکر! میں ستانوے ہزار کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: یہ سلسلہ ختم ہو جائے گا تو اس کے بعد اگر اس پہ کوئی بات کرنا چاہتا ہے، وضاحت کرنا چاہتا ہے تو پھر وضاحت کرے لیکن میں چاہتا ہوں کہ جلدی جلدی اس کو نمٹا لیں، آگے اس پہ بات کریں گے پھر۔

The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ninety seven thousand only. Mr. Abdul Sattar Khan, to please move his cut motion on Demand No. 2.

Mr. Abdul Sattar Khan: Mr. Speaker!

جناب سپیکر: عبدالستار خان صاحب کا مائیک آن کر دیں۔

Mr. Abdul Sattar Khan: Sir, I beg to move a cut of one crore rupees on Demand No. 2.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one crore only. Mr. Muhammad

Asmatullah, to please move his cut motion on Demand No. 2. Not present, it lapses. Mr. Mian Zia-ur-Rehman, to please move his cut motion on Demand No. 2. Not present, it lapses. Mr. Muhammad Shiraz, to please move his cut motion on Demand No. 2.

جناب محمد شیراز: جناب محکمے کی کارکردگی ناقص ہے، میں اس سے مطمئن نہیں ہوں، میں پانچ لاکھ کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant be reduced by rupees five lac only. Nawabzada Wali Muhammad Khan, to please move his cut motion on Demand No. 2.

نوابزادہ ولی محمد خان: میں تحریک تخفیف زر ایک ہزار روپے کی پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant be reduced by rupees one thousand only. Madam Nighat Yasmin Orakzai, to please move her cut motion on Demand No. 2. Not present, it lapses. Mr. Qaimoos Khan, to please move his cut motion on Demand No. 2.

جناب قیموس خان: میں مطالبہ زر نمبر 2 میں ایک ہزار روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one thousand only.

جناب سپیکر: ارباب اکبر حیات صاحب! آپ اگر اپنا وہ Explain کرنا چاہیں تو پلیز۔

ارباب اکبر حیات: سپیکر صاحب! زہ خپل کٹ موشن Withdraw کوم۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: محترمہ آمنہ سردار۔

محترمہ آمنہ سردار: جی میں یہ کہنا چاہو نگی کہ Expenses بہت زیادہ ہیں، Lavishly خرچ کیا جارہا ہے سارا کچھ اور اس پر تھوڑا سا میں مطمئن نہیں ہوں اس وجہ سے، تو اس پر اگر نوٹس لیا جائے۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب، Concerned منسٹر صاحب۔ یہ ہم پورا سلسلہ ختم کریں گے تو اس کے بعد۔

محترمہ آمنہ سردار: اچھا۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب Concerned آپ کے ساتھ بات کرلے گا اور اگر آپ کو مطمئن کرتے ہیں تو بسم اللہ Otherwise اس کو، ٹھیک ہے؟

محترمہ آمنہ سردار: ٹھیک ہے، ابھی تو میں واپس لیتی ہوں، تھینک یو۔

جناب سپیکر: محترمہ رقیہ حنا، میڈم رقیہ حنا۔

محترمہ رقیہ حنا: میں واپس لیتی ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Mr. Shah Hussain Sahib.

جناب شاہ حسین خان: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ سپیکر صاحب! د دې کټ موشن جمع کولو مقصد هم دا وی چې چونکه په بجټ کښې خو په ټولو محکمو باندې تفصیل سره خبره نه کیږی نو بیا د دې د پاره دا کټ موشن چې سړے پرې خبره وکړی، لږه وی یا ډیره وی خو چې دا هاؤس پرې خبر شی۔ سپیکر صاحب! دې صوبائی حکومت یو اعلان کړے دے چې مونږ به په خپلو اخراجاتو کښې کمے راولو، د سی ایم هاؤس په اخراجات کښې کمے او داسې د گورنر هاؤس، نو پکار دا هم وه چې د ایډمنسټریشن دا دومره لوئے رقم ئے ورله ایښودے دے نو پکار دا نه وه چې دوئ هم خپل په دې اخراجاتو کښې کمے راوستے وے؟ که منسټر ما له یقین دهانی راکوی چې سیکرټری ایډمنسټریشن یا دا ډیپارټمنټ که دوئ سره یا مونږ سره کښینی، په دې باندې به خبره وکړو خو ټهیک ده گنې نو بیا به دا زه ووټ ته اچوم جی۔ مهربانی۔

جناب سپیکر: محترمہ ثوبیہ شاہد۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: میں ایڈمنسٹریشن کے محکمے سے Satisfied نہیں ہوں کیونکہ ایک مثال، وزیر اعلیٰ صاحب کا جو ابھی گھر ہے، پہلے ایک سی ایم ہاؤس ہوتا تھا ابھی دو دو سی ایم ہاؤس چل رہے ہیں۔ سٹاف ادھر بھی موجود ہے، سٹاف ادھر بھی موجود ہے۔ مورچے ادھر بھی بنے ہیں اور ادھر نئے مورچے بن گئے ہیں اور یہ کونسی ایڈمنسٹریشن ہے کہ یہ مورچے اسکے ذاتی گھر پر ہمیشہ کیلئے رہیں گے؟

(تالیاں)

جناب سپیکر: میڈم عظمیٰ خان۔

محترمہ عظمیٰ خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب سپیکر۔ محترم جناب سپیکر، میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے طرف بھی دلاؤنگی جو سرکاری ملازمین کا بھی ہے۔ ایڈمنسٹریشن کے Under بینوولینٹ فنڈ بھی آتا ہے جناب سپیکر اور بینوولینٹ فنڈ جو سرکاری ملازمین کی تنخواہوں سے Cutting ہوتی ہے، یقیناً ہونا تو یہی

چاہیئے تھا جناب سپیکر کہ یہی فنڈ دوبارہ انہی ملازمین پر صحیح طریقے سے لگایا جاتا، اسی بینوولینٹ فنڈ کے Through ایک سی این جی بھی چل رہی ہے جناب سپیکر، بینوولینٹ فنڈ بلڈنگ بھی ہے اور اس بلڈنگ میں سرکاری آفسز ہیں لیکن تقریباً سات آٹھ سال ہوگئے ہیں کہ اس کا کرایہ نہیں بڑھایا جارہا، جناب سپیکر! ہونا تو یہ چاہیئے کہ اس سے جو آمدن وصول ہوتی ہے، وہ بھی بینوولینٹ فنڈ کا حصہ ہوتی، انہیں ملازمین پر لگائی جاتی۔ جناب سپیکر، اسی طرح اگر میں بات کروں، بینوولینٹ فنڈ سے جو سکولز چل رہے ہیں، ان کی کارکردگی تو یقیناً Zero ہے۔ جن ملازمین کے بچوں کیلئے وہ بنایا گیا ہے، اس میں وہ بچے ایڈمٹ کرہی نہیں رہے۔ جناب سپیکر، اس کی کارکردگی پر میں نے کوئسچن بھی جمع کرایا تھا اور وہ کمیٹی کو بھی ریفر ہوا تھا، اس پر ہم نے Visit بھی Arrange کیا تھا لیکن افسوس ہے کہ ٹریژری بنچز کی وجہ سے وہ پھر Visit arrange نہیں ہوا ہمارا۔ تو میرا خیال ہے جناب سپیکر کہ جب آپ بینوولینٹ فنڈ کے Through انکو کوئی Facility نہیں دے پارہے ہیں تو پھر ان کی تنخواہ سے Deduction کیوں کررہے ہیں؟ جناب سپیکر، اس بات کی ذرا مجھے Clearance بھی دی جائے اور میں اسے ووٹ کیلئے Put کرنا چاہتی ہوں۔

جناب سپیکر: مسٹر عسکر پرویز۔

جناب عسکر پرویز: جناب سپیکر، اس ڈیپارٹمنٹ میں Unnecessary اخراجات کئے جاتے ہیں اور صرف فنڈ کو ختم کرنے کی کوشش کی جاتی ہے تو اسمیں میرا نہیں خیال کہ کوئی فنڈ آپ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مسٹر عبدالمنعم۔

جناب عبدالمنعم: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ زہ خو د دې نه مطمئن نه یم ځکه چې دا وړې وړې مسئلې وی او په دې باندې لس کاله، اته کاله دا خلق د عدالتونو چکرې لګوی بهرحال زه بیا هم خپل کټ موشن واپس اخلم۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مسٹر عبدالستار صاحب۔

جناب عبدالستار خان: تھینک یو سر۔ جناب سپیکر، یہ جنرل ایڈمنسٹریشن پر میں نے کٹ موشن لائی ہے، غالباً ایک کروڑ روپے کی ہے۔ روایت ہماری یہی رہی ہے کہ ہم ایک سو روپے، دو سو روپے کی جو کٹ موشن لاتے ہیں، میں نے اب سمجھا اور اس پر سوچا کہ یہ ایک روایت رہی ہے ہماری، یا تو ایک چیز کو ہم صحیح سمجھتے

ہیں تو اس کو صحیح طور پر ہم اسمبلی فلور پر لائیں، اس کو Defend بھی کریں، اس کیلئے جواز بھی پیدا کریں، تو روایتی اسمیں میں نہیں گیا۔ منسٹر صاحب مانگ رہے ہیں ہم سے، یہ جتنے بھی اس ڈیمانڈ پر، جناب سپیکر، میں کل گیا یہاں سے، ایک سادہ سی مثال میں آپ کے اور پورے ہاؤس کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں، میں نے اپنے ہاسٹل میں جا کر میرے ساتھ لوگ بھی تھے، میں نے ان کتابوں کو دیکھا، بجٹ ڈاکیومنٹ کو، پھر میں نے وہاں پر ان کو رکھا، اپنے اندازے کے مطابق، تو جو ہمارے Current expenditures ہیں، ان کو میں نے ایک میز پر رکھا اور جو ڈیویلپمنٹل ہیں یا دوسرے ہیں، ان کو دوسری میز پر رکھا تو میرے خیال میں کاغذی ڈاکیومنٹس جو ہیں، وہ دس گنا زیادہ تھے۔ (تالیاں) اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ہمارے اخراجات جو 'نان ڈیویلپمنٹل' ہیں، وہ بہت زیادہ ہیں جس کی وجہ سے میں سمجھتا ہوں کہ کم از کم ہر سال بجٹ میں ہمارے اوپر Burden آئے گا جب تک ہم اپنے آپ کو، مختلف ڈیپارٹمنٹس، اداروں کو فنانشل ڈسپلن میں نہیں رکھیں گے۔ ایک سال سے دوسرے سال ڈیویلپمنٹل اخراجات کم ہونگے اور 'نان ڈیویلپمنٹل' بڑھیں گے، یہ میرا یقین ہے اس پہ، اس لحاظ سے میں نے یہ ایک کروڑ روپے کی کٹ موشن لائی ہے۔ جناب سپیکر، میں آپ کو چھوٹی سی بات، ہماری جنرل ایڈمنسٹریشن میں ٹوٹل سکیل نمبر 1 سے لیکر 22 تک ہمارے پاس دو ہزار 319 ملازمین ہیں، دو ہزار 319 ملازمین ہیں ہمارے پاس اور ان کے اخراجات بہت زیادہ ہیں اور ساتھ ہی ساتھ اس بجٹ بک میں Current، اس کے Volume No. 1 Part-III میں دیکھتا ہوں، جگہ جگہ چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں، گورنر سیکرٹریٹ میں اور یہاں پر مطلب ہے یہ اخراجات کرنا چاہتے ہیں۔ ان کے مختلف Objects میں ایک چیز آتی ہے 'Others'، What are these 'others'? ، یہ کیا ہیں؟ اس لئے میرے خیال میں ہاؤس میں کسی کو بھی معلوم ہی نہیں ہوگا کہ اس Others کی مد میں ہم کہاں پر خرچ کرتے ہیں؟ اس کی مثال میں یہاں پر دونگا، چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں جو Functions cum object classifications ہیں، جو Objects ہیں، آخر میں A803970 Others، 001 Others، اس میں انہوں نے سات لاکھ 89 ہزار روپے رکھے ہیں، میں نے جو سٹڈی کی ہے، اس میں بہت سے شعبہ جات ایسے ہیں کہ Others کے نام پر جو انہوں نے Allocate کی ہے بجٹ میں رقم رکھی ہے تو یہ واضح بھی نہیں ہے اور دوسرا اس لحاظ سے کہ میں یقین رکھتا ہوں جناب سپیکر،

میں نے پچھلے سال بھی بات کی تھی کہ جب تک ہم اپنے Non Developmental Expenditures کو کم نہیں کریں گے، ہم ترقیاتی شعبے میں وسائل مہیا نہیں کر سکتے، سال در سال ہمارے اوپر Burden آئے گا، اس لئے اس اصول کو میں بھی اپناؤں اور بڑی حوصلہ افزاء باتیں آئیں فنانس منسٹر کی طرف سے کہ سی ایم صاحب بھی ہمارے کر رہا ہے اور دوسرے جو منسٹر صاحبان ہیں، امید ہے وہ بھی کریں گے۔ اسی طرح اپنے دوسرے ان اخراجات پر بھی ان ڈیپارٹمنٹس کو میں مناسب سمجھتا ہوں کہ وہ فنانشل ڈسپلن میں رہیں تاکہ ہمارے صوبے کیلئے زیادہ سے زیادہ وسائل پیدا ہوں۔ یہی میری گزارش ہے اور میں اس پر ووٹنگ چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: مسٹر محمد شیراز۔

جناب محمد شیراز: جناب سپیکر! ایک طرف جناب وزیر اعلیٰ صاحب سیکرٹریٹ کے اخراجات کم کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں تو دوسری طرف شاہانہ اخراجات کئے جا رہے ہیں۔ جناب سپیکر، میں آپ کی وساطت سے وزیر قانون سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا اسمبلی سیکرٹریٹ ایک خود مختار سیکرٹریٹ ہے؟ اکثر سیکرٹری انتظامیہ اسے Attached department لکھتے ہیں اور گھروں کی الاٹمنٹ میں، سینیارٹی لسٹ میں بھی اسمبلی ملازمین کو Attached department میں شامل کیا گیا ہے، مہربانی کرکے ان کو قومی اسمبلی کے سیکرٹریٹ کی طرح سینیارٹی میں شامل کیا جائے۔ سول سیکرٹریٹ کے افسران کے پاس ایک گاڑی ہونی چاہیئے جبکہ اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ کئی کئی گاڑیاں ان کے عزیزوں اور رشتہ داروں کے استعمال میں ہیں جبکہ سیکرٹریٹ کے اہل اور سینیئر افسران کو نظر انداز کرکے جونیئر افسران واہلکار جو اس کا استحقاق بھی نہیں رکھتے، ان کو بھی گاڑیاں فراہم کی گئی ہیں۔ اسی طرح ایک عجیب بات لکھی گئی ہے کہ لوئر سٹاف جو اس کا حق نہیں رکھتا اس کے پاس بھی سرکاری گاڑیوں کا بے دریغ استعمال معمول بن رہا ہے۔ لہذا حکومت ان بے جا اخراجات کا فی الفور خاتمہ کرے۔ اسی طرح جناب وزیر اعلیٰ صاحب تمام اسمبلیوں کیلئے، جس میں قومی اسمبلی، پنجاب اسمبلی، بلوچستان اسمبلی شامل ہیں، کالونیاں موجود ہیں جبکہ واحد خیبر پختونخوا اسمبلی ہے جس کیلئے کالونی موجود نہیں، بلکہ ظلم کی انتہا یہ کی گئی ہے کہ اس اسمبلی کی جو اراضی حیات آباد میں تھی، اس کو بھی بیچ دیا گیا ہے، لہذا میری جناب وزیر اعلیٰ صاحب سے استدعا ہے کہ اسمبلی ملازمین کیلئے کالونی کا اعلان کیا جائے

تاکہ واقعی صحیح معنوں میں انصاف کا بول بالا ہو، جو آپ کی حکومت کا نعرہ ہے کہ "اب نہیں تو کب، ہم نہیں تو کون"۔ اسی طرح جو سہولیات تمام اراکین اسمبلی، جس میں پنجاب، سندھ، بلوچستان وغیرہ شامل ہیں، کو فری رہائش حاصل ہے اور ان کیلئے ہاؤسز مختص ہیں اور باقاعدہ وہ ان سے مستفید ہو رہے ہیں جبکہ یہ سہولت اراکین پختونخوا اسمبلی سے لے لی گئی ہے، لہذا میری حکومت سے التماس ہے کہ پختونخوا ہاؤس اسلام آباد کو اراکین خیبر پختونخوا اسمبلی کیلئے فری کیا جائے تاکہ وہ بھی اس سہولت سے استفادہ کر سکیں۔

جناب سپیکر: بهرحال یو خو دا ده چې کله هم سپیچ کوئ نو بغیر کاغذ نه به کوئ، لږه مهربانی به وی۔ کټ موشن ستاسو وو، مطلب دا د رولز خلاف ورزی ده چې Written speech نشی کیدے۔ نوابزاده ولی محمد خان۔

نوابزادہ ولی محمد خان: جناب سپیکر صاحب! زمونږ ایډمنسټریشن چې کوم دے، د دوئ اخراجات ډیر دی او چې کومه کارکردګی ده هغې نه مونږ مطمئن نه یو۔ نه دا اصول شته چې په هغې کښې که مطلب دا دے هو افسر دے او که هغه نور څه دی، نو زه پخپله دغې باندې ووټنګ کول غواړم۔

جناب سپیکر: مسٹر قیموس خان۔

جناب قیموس خان: بسم الله الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب، که تاسو د مطالبه زر نمبر 2 دې اقتباس ته وګورئ: "نظم و نسق عمومی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔" دا پیسې د نظم و نسق د پاره غوښتې کیږی که تاسو وګورئ نو په دې ملک کښې او زمونږ په دې صوبه کښې د نظم و نسق څه حالات دی؟ که مونږ د لاندې سطح نه واخلو د پاسه سطح پورې، په ټولو دفترونو کښې جناب سپیکر صاحب، هیڅ څوک حاضری نه کوی۔ ما په دې خپل کټ موشن کښې دا خبره واضح کړې ده چې په هفته کښې اووه ورځې دی نو د اتوار او د هفتې نه یوه ورځ مخکښې دوئ دفترونو نه لاړ شی او د اتوار نه وروستو یوه ورځ راشی۔ درې ورځې دفتر ته راشی او په درې ورځو کښې کوم افسران چې دی، بیا په یوؤلس بجې باندې دفتر ته چې راشی نو بیا اخبارونه وکتلې شی، بیا د هغې نه د چائے دور شروع شی نو د وخت ضیاع ده۔ زمونږ په دې ملک کښې هسې هم چې دے پسماندګی ده، که مونږ یو ټائم بچت نکړو او موجوده حکومت

دا وائی چې مونږ به نظم و نسق ټهیک کوؤ، پکار دا ده که مونږه ته وزیر صاحب د دې خبرې یقین دهانی راکړی چې په ټولو دفترو کښې به حاضری یقینی وی، ټول افسران به په وخت راځی او هغوی به خپل کارکردگی ښائی نو زما په خیال باندې مونږ به په هغې باندې بیا غور کوؤ خو پکار دا ده چې وزیر صاحب مونږ ته په دې خبره یقین دهانی راکړی چې د دې نه پس کله چې دوئ د بجټ د پاس کیدو د پاره مطالبه کوی نو چې خپل دفتر ئے په هر ځائې کښې دے، که هغه په ضلعو کښې دی او که په دې صوبه کښې دی، چې دا یقینی کړی چې هر سړے په خپل دفتر کښې په ټائم باندې حاضر وی او خپل کار کوی جی۔

Mr. Speaker: Honourable Minister for Law, please.

وزیر قانون: تھینک یو سر۔ سر پہلے تو میں جناب ارباب اکبر حیات صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے بھی Withdraw کیا، محترمہ رقیہ حنا صاحبہ کا، کہ انہوں نے اپنی کٹ موشن Withdraw کی اور اس طریقے سے جناب شیراز صاحب نے Written speech کی ہے لیکن پھر بھی ہم انکو Entertain کر لیتے ہیں اور اسکے علاوہ سر، جن ممبران کے اس کے متعلق خدشات آئے ہیں، شاہ حسین صاحب، اسکے علاوہ جو ہمارے ستار صاحب ہیں، قیموس خان صاحب ہیں اور عسکر پرویز صاحب اور باقی ممبران، اگر میں نام بھول گیا ہوں، تو سر! اس حوالے سے میں ایک General statement دینا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ ان کے جو خدشات ہیں، وہ غلط نہیں ہیں، انہی اپوزیشن بنچز پہ دس سال تک ہم نے انہی چیزوں کو باعث تنقید بنایا اور ہم ہمیشہ یہی کہتے تھے کہ مہربانی کر کے وزراء تیاری کر کے آئیں اور ہم ان سے اپیل کرتے تھے کہ مہربانی کر کے اپنے محکموں کے اگر کوئی امور ایسے ہیں جو کہ توجہ طلب ہیں، انکا ایک حل نکلنا چاہیئے، حل طلب مسائل ہیں تو اس پہ سنجیدگی سے توجہ دیں۔ آج اگر ایک ممبر یہاں پہ تیاری کر کے آتا ہے، دوسری بار Elect ہو کے آرہے ہیں عبدالستار خان اور میں انکو Appreciate کرتا ہوں کہ انہوں نے محنت کی ہے، وہ Volume دیکھا ہے، ہمیں تو سر Assist کرتے سیکرٹریز، لیکن میرے خیال میں یہ ممبرز کی ایک Contribution ہے کہ یہ حلقے کو بھی سنبھالتے ہیں اور پھر اتنی موٹی موٹی کتابوں کے پلندوں میں سے وہ Relevant جو Chapters ہوتے ہیں، اسکو بھی دیکھتے ہیں اور پوائنٹ آؤٹ کرتے ہیں، یقیناً اس ہاؤس میں جو بھی بیٹھے ہیں، ان کا مقصد اصلاح احوال ہے، وہ آپ کے دائیں جانب بیٹھے ہوں یا بائیں جانب، لیکن

اس کا ایک حل نکلنا چاہیئے اور وہ حل سر، اس طریقے سے ہو سکتا ہے کہ انکی اگر صحیح تجویز ہو، ہمیں اس کو Appreciate بھی کرنا چاہیئے اور اس کی طرف سنجیدگی سے قدم بھی اٹھانا چاہیئے۔ اس میں سر، جو ڈیمانڈ ہے، وہ ساری Club ہو کے آئی ہے اور اس میں آپکا گورنر سیکرٹریٹ اور جو اسکا سٹاف وغیرہ، چیف منسٹر سیکرٹریٹ، منسٹرز، سپیشل ایڈوائزرز، اسکے علاوہ پراونشل انسپکشن ٹیم،-Liabilities of Ex Nawab, Dir، اس طریقے سے ایکس مہتر چترال، پراونشل سروسز اکیڈیمی ٹریننگ، اسکے علاوہ خیبر پختونخوا سروس اکیڈیمی، ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ ونگ، اسٹیبلشمنٹ ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ، اسکا بھی ایک پورشن ہے، اسٹیٹ ایڈمنسٹریشن، پبلک سروس کمیشن، سیکرٹریٹ ٹریننگ انسٹیٹیوٹ، سروس ٹریبونل، سپیشل جج انٹی کرپشن، انٹی کرپشن کورٹ اور اس طریقے سے دیگر مدادات جو ہیں۔ اس میں سر انکا ایک سیلری پورشن ہے اور ایک 'نان' سیلری، سیلری جو انکا ہے، وہ ایسے سمجھ لیں کہ وہ Obligatory ہے، وہ اگر آپ کے Employees ہیں، سول سرونٹ ایکٹ کے تحت انکے جو مراعات ہیں، وہ Protected ہیں اور اسکے علاوہ ایک 'نان' سیلری ہیں۔ نان سیلری میں انہوں نے جن امور کی نشاندہی کی ہے جس میں 'Others' کے حوالے سے انہوں نے بات کی۔ اس طریقے سے کچھ اور پھر ہیڈز زیاد کئے ہیں، بلکہ ایک خاص ہیڈ جو کہ انگریز کے زمانے کا چلا آرہا ہے اور افسوس کی بات ہے کہ ابھی تک ایک Hot and Cool Weather Charges، سمجھ نہیں آتی کہ Hot and Cool Weather Charges ہیں کیا؟ اس میں جب پوچھا جاتا ہے محکموں سے، تو وہ کہتے ہیں کہ انگریز کے ٹائم پہ چترال میں کوئلہ دیا جاتا تھا اور ڈی آئی خان میں پانی کیلئے، برف کیلئے سپیشل کوئی پیسے ہوتے تھے لیکن آج اگر واٹر کولر آگئے ہیں تب بھی Hot and Cool Weather Charges موجود ہیں، آج اگر ہیٹر آگئے ہیں تب بھی وہ موجود ہیں، ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ اسکی کوئی بہتر ہم یوٹیلیٹی رکھتے اور میں جی چونکہ On behalf of Chief Minister Sahib یہ بات کر رہا ہوں، میں نے کل بھی ان کے ساتھ اس پہ Detail discussion کی اور اس پہ سر، میں نے ان سے یہ کہا کہ سر، اگر Voluntarily آپ نے قدم اٹھایا ہے، گورنر صاحب کو بھی آپ نے اعتماد میں لیا ہے تو اگر دیگر مدات میں بھی 'نان' سیلری جو Component ہے، اگر اسمیں کوئی بہتری آسکتی ہے تو آپ کیا سمجھتے ہیں اور انہوں نے مجھے اس کے متعلق یہی کہا کہ جو بھی اقدامات یہ ہاؤس

تجویز کرے، میری طرف سے آپ انکو یقین دہانی کرائیں اور وہ یقین دہانی اس انداز میں کہ ان شاءاللہ جو Non salary component ہے اور اسمیں جو غیر ضروری مدات ہیں، میں نے سیکرٹری ایڈمنسٹریشن جو ہے، ان سے بات بھی کی ہے اور انکو یہ بھی کہا ہے کہ ایک دو دنوں میں آپ اسکے متعلق ہمیں بریفنگ دے دیں۔ میری یہ خواہش ہوگی کہ اپنی طرف سے جو ممبران صاحب ہیں، وہ اگر (ن) کی طرف سے سردار صاحب آنا چاہتے ہیں، اے این پی طرف سے بابک صاحب آنا چاہتے ہیں، جے یو آئی کی طرف سے مولانا صاحب یا پی پی پی کی طرف سے محمد علی شاہ صاحب، یہ سب کیلئے سر Open ہونا چاہیئے، یہ آئیں ہمارے ساتھ بیٹھیں، اصلاح احوال کریں اور میں جو رقوم مانگ رہا ہوں وہ Next financial year کیلئے ہیں، جو چیزیں Spend ہوگئی ہیں، وہ تو سپلیمنٹری میں آئیں گی جسکے متعلق ہم ان کو بریفنگ میں بتا سکیں گے کہ Last year کی جو Spending ہوئی ہے، وہ کہاں کہاں ہوئی ہے؟ لیکن جو اس سال کی Spending ہوگی، اگر اس میں پھر رائے بنتی ہے کہ جس طریقے سے چیف منسٹر صاحب نے رضاکارانہ طور پہ 50 فیصد کٹ لگایا، جس طریقے سے گورنر صاحب نے اور جس طریقے سے کوئی اور میں بھی اصلاح احوال کی گنجائش ہے، تو میں فلور آف دی ہاؤس پہ انکو یقین دہانی کراتا ہوں کہ یہ اپنی پارٹی کی طرف سے ایک ایک بندہ Nominate کریں اور ان شاءاللہ گورنمنٹ انکے ساتھ تعاون کریگی اور ان شاءاللہ یہ بھی یہ یقین رکھیں کہ جو ہم نے یہاں پہ تقریریں کی ہیں، ان سیٹوں پہ آکے ہمارا یہ مقصد ہرگز نہیں کہ ہم ان فائلوں میں لکھی ہوئی ہر چیز کی آنکھیں بند کرکے تائید کریں گے۔ جس Change کے متعلق ہم سے بجٹ تقاریر میں پوچھا گیا اور جس کا میں آج تذکرہ کرنا چاہتا ہوں، وہ Change یہ ہے کہ ہمارے ساتھ آپ فیصلہ سازی میں ان شاءاللہ شریک ہونگے اور اگر آپ پھر اسکو Clean chit دیں گے تو ہم Accordingly آگے جائیں گے لیکن اگر آپ کہیں گے کہ اس پہ فلاں فلاں جگہ پہ Improvement ہو سکتی ہے تو ان شاءاللہ اس میں ہم Improvement بھی لائیں گے اور اس کے ساتھ جو محترمہ نے سی ایم ہاؤس کے متعلق بات کی تو انکو بھی یہ یقین دہانی کرادوں کہ آج ہمارے پارٹی کے قائد آئے تھے اور ہم نے ان سے بھی یہ بات کی اور انکی توجہ میں بھی لائے اور ان سے ہم نے یہی کہا کہ سر! ہمارے لئے مسائل یہ ہیں کہ ایک آپ کی ایک Conviction ہے، Commitment ہے، لوگوں کو

آپ نے ایک زبان دی ہے اور ایک Ground reality ہے، اگر آپ Ground reality کو مثبت انداز میں نہ لیں اور خدانہ کرے کہ کوئی اس قسم کے واقعات ہو جائیں، خدانہ کرے یہ جو خدشات یہاں پہ ظاہر کئے جارہے ہیں، یا جن لوگوں کیلئے Inconvince ہے، تو انہوں نے سی ایم صاحب کے ساتھ اس سلسلے میں صلاح مشورہ کیلئے ٹائم رکھا ہے اور جیسے اسکا کوئی Way out نکل آتا ہے تو ان شاءاللہ اسکے متعلق بھی گورنمنٹ Sensitive ہے اور میں اب اس ریکویسٹ کے ساتھ کہ آپ مہربانی کریں، جتنے بھی حضرات ہیں، چونکہ اس گورنمنٹ کا یہ پہلا سال ہے اور ہم تمام دوستوں سے یہ امید رکھتے ہیں کہ آپ مہربانی کریں گے اور کوشش ہم یہ کریں کہ وزیراعلیٰ صاحب کی جو ذات ہے، وہ اس ایوان کے رکن بھی ہمارے ساتھ رہے ہیں، انکا ہمارے ساتھ ایک برتاؤ بھی رہا ہے اور انصاف کا ہمیشہ انہوں نے جو خیال اور لحاظ رکھا ہے، ان شاءاللہ آپ کا خیال اور لحاظ بھی رکھیں گے اور میری یہ گزارش ہے کہ آپ بھی انکو عزت دیں اور مہربانی کرکے جو چیف منسٹر صاحب کی طرف سے ڈیمانڈز ہیں، ان پہ کٹ موشن کرکے آپ جتنے بھی خدشات کا اظہار کریں لیکن میری یہ درخواست ہوگی کہ اس پر ووٹنگ نہ ہو تاکہ ایک اچھا Message جائے۔ شکریہ۔

(تالیاں)

<u>جناب عبدالستار خان:</u> وزیر صاحب نے یقین دہانی کے بعد اچھی باتیں کیں، بڑے اچھے عزم کا اظہار کیا تو Withdraw کرتا ہوں۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> قیموس خان۔

<u>جناب قیموس خان:</u> وزیر صاحب جی بنه سرے دے او تفصیلی ئے مونږ ته وضاحت وکړو، د دې ټولو خبرو یقین دهانی ئے راکړه، زه خپل کټ موشن واپس اخلم۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> شاہ حسین خان۔

<u>جناب شاہ حسین خان:</u> زه ئے واپس اخلم

(تالیاں)

جناب سپیکر: ثوبیہ بی بی۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر صاحب، میں Withdraw کرتی ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: عظمیٰ خان، میڈم عظمیٰ خان۔

محترمہ عظمیٰ خان: سر، میں Withdraw کرتی ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: عسکر پرویز، مسٹر عسکر پرویز۔

جناب عسکر پرویز: سر، منسٹر صاحب کی یقین دہانی کے بعد میں Withdraw کرتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: نوابزادہ ولی محمد خان۔

نوابزادہ ولی محمد خان: میں اپنی کٹ موشن وزیراعلیٰ صاحب کے حق میں واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: محمد شیراز خان۔

جناب محمد شیراز: جناب سپیکر، میں اپنی کٹ موشن Withdraw کرتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: آمنہ سردار۔

محترمہ آمنہ سردار: جی میں واپس لیتی ہوں، جناب سپیکر۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 2, therefore, the question before the House is that Demand No. 2 may be granted? Those who are in fovour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. Demand is granted.

(Applause)

Mr. Speaker: The honourable Minister for Finance, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 3.

جناب سراج الحق {سینیئر وزیر (خزانہ)}: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 2ارب 58 کروڑ 63 لاکھ 33 ہزار سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران خزانہ، خزانہ جات اور لوکل فنڈ آڈٹ کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. 2 billion, 58 crore, 63 lac and 33 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30$^{th}$ June 2014 in respect of Finance Treasuries & Local Fund Audit.

'Cut motions on Demand No. 3': Arbab Akbar Hayat Khan, to please move his cut motion on Demand No. 3.

ارباب اکبر حیات: نو سو روپے سر۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees nine hundered only. Madam Amna Sardar, to please move her cut motion on Demand No. 3.

محترمہ آمنہ سردار: جی، میں اسی ہزار روپے کی کٹ موشن کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees eigthty thousand only. Madam Ruqia Hina, to please move her cut motion on Demand No. 3.

محترمہ رقیہ حنا: میں ستر ہزار کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees seventy thousand only. Syed Jaffar Shah, to please move his cut motion on Demand No. 3.

جناب جعفر شاہ: ایک لاکھ روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one lac only. Syed Muhammad Ali Shah, to please move his cut motion on Demand No. 3.

سید محمد علی شاہ: د ایک هزار روپو کټ موشن پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one thousand only. Sardar Mehtab

Ahmad Khan, to please move his cut motion on Demand No. 3, not present, it lapses. Sardar Aurangzeb Nalotha, to please move his cut motion on Demand No. 3.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر! میں دس لاکھ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten lac only. Mr. Shah Hussain, to please move his cut motion on Demand No. 3.

جناب شاہ حسین خان: زه د دو سو بائیس روپو د کټوتئ تحریک پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees two hundered and twenty two only. Madam Sobia Shahid, to please move her cut motion on Demand No. 3.

محترمہ ثوبیہ شاہد: ایک ہزار روپے کی کٹ موشن پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one thousand only. Mr. Saleh Muhammad, to please move his cut motion on Demand No. 3. Not present, it lapses. Madam Uzma Khan, to please move her cut motion on Demand No. 3.

محترمہ عظمیٰ خان: میں ایک ہزار روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one thousand only. Mr. Askar Parvez, to please move his cut motion on Demand No. 3.

جناب عسکر پرویز: جناب سپیکر! میں ایک ہزار روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one thousand only. Abdul Sattar Khan, to please move his cut motion on Demand No. 3.

Mr. Abdul Sattar Khan: Thank you, Sir. I beg to move a cut of fifty lac on Demand No. 3.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees fifty lac only. Mufti Said Janan, to please move his cut motion on Demand No. 3.

مفتی سید جانان: زه د اویا لکھه روپو د کټوتئ تحریک پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees seventy lac only. Mr. Muhammad Asmatullah, to please move his cut motion on Demand No. 3.

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر، زه د پانچ روپو د کټوتی تحریک پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five only. Mian Zia-ur-Rehman, to please move his cut motion on Demand No. 3. Not Present, it lapses. Mr. Muhammad Shiraz, to please move his cut motion on Demand No. 3.

جناب محمد شیراز: جناب سپیکر! میں دولاکھ کی کٹ موشن پیش کرتاہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees two lac only. Malik Riaz Khan, to please move her cut motion on Demand No. 3.

ملک ریاض خان: جناب سپیکر! فنانس منسٹر کی عزت کی خاطر میں اپنی کٹ موشن واپس لیتاہوں۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Mr. Mehmood Ahmad Khan, to please move his cut motion on Demand No. 3.

جناب محمود احمد خان: ایک ہزار روپے کٹ موشن تحریک پیش کرتاہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one thousand only. Maulana Mufti Fazal Ghafoor, to please move his cut motion on Demand No. 3. Not present, it lapses. Nawabzada Wali Muhammad, to please move his cut motion on Demand No. 3.

نوابزادہ ولی محمد خان: میں منسٹر کے حق میں اپنی کٹ موشن واپس لیتاہوں، سراج صاحب کے۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Madam Nighat Yasmin Orakzai, to please move her cut motion on Demand No. 3. Not present, it lapses. Mr. Arbab Akbar Hayat Khan.

ارباب اکبر حیات: جناب سپیکر صاحب، چونکه د خزانې دا محکمه ډیره ذمه واره محکمه ده او هم د دې محکمې نه دې ټولو محکمو ته فنډنګ کیږی او د دې د آډټ نظام نه مطمئن نه یم ځکه چې دیکښې خرد برد ډیر زیات کیږی، کوم چې

خزانې ته نقصان ورکوی نو که جناب منسټر صاحب مونږ په دې باندې مطمئن کړی نو بیا پرې خبره کیدې شی۔

جناب سپیکر: میڈم آمنہ سردار۔

محترمہ آمنہ سردار: جی جناب سپیکر، میں اس ادارے سے اسلئے مطمئن نہیں ہوں کہ Financing صحیح نہیں ہو رہی ہے۔ بہت سے ادارے ہمارے ہاں، سکولز وغیرہ اس لئے بند ہیں کہ ان کو صحیح طریقے سے Finance provide نہیں کیا جارہا ہے، بلڈنگز تو موجود ہیں لیکن آگے جو پوسٹس وغیرہ سینکشن کرنے کی ضرورت ہے۔ ہاسپٹلز تو چل رہے ہیں لیکن ان میں باقاعدہ Financing نہیں ہو رہی ہے جس کی وجہ سے بہت معاملات ان کے التواء میں پڑے ہوئے ہیں اور دوسری میری ایک گزارش بھی ہے کہ یہ جو تعمیر خیبر پختونخوا پروگرام ہے، اس کو بھی ختم نہیں کیا جانا چاہیئے۔ بہت شکریہ، جناب سپیکر۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: میڈم رقیہ حنا۔

محترمہ رقیہ حنا: جناب سپیکر، میں اپنی تحریک واپس لیتی ہوں۔

جناب سپیکر: سید جعفر شاہ۔

جناب جعفر شاہ: شکریه جناب سپیکر۔ د دې خزانې د محکمې نه جی دا ټوله دنیا په آتش کښې پرته ده خو زما به آنریبل منسټر صاحب ته دا خواست وی چه څنې ایشوز داسې وی لکه زما خپله تجربه دا ده چې د مختلفو محکمو ایس این ایز Sir, it takes not less than five years to get a post sanctioned for class IV position، نو د هغې په وجه باندې هغه ټوله محکمه بیا د هغې هغه کارکردگی، هغه ډیره زیاته متاثره شی۔ دویمه خبره جی دا ده چې ریلیزز پراسیس د ډویلپمنټ سکیمز او ورکس د پاره، هغه دومره Complicated او Bureaucratic دے چې هغه هم بیا په میاشتو میاشتو باندې خلق هغې ته ناست وی، زه جی تاسو ته Recent example درکوم، زما په حلقه کښې 16 پلونو باندې کار شروع دے چې هغه سیلاب وړلی وو او د تیرو شپږو میاشتو نه هغې ته یوه پیسه نه ده ریلیز شوې، 10 لاکه خلق مصیبت سره مخامخ دی نو که د ریلیزز دا طریقه کار، هغې له یو داسې طریقه کار وکتلے شی Which can be

possible۔ دویمه خبره دا ده جې چې د ټرانسپیرنسي خبره هم ده، چې دا Ensure وی، فنانس ډیپارټمنټ کښې او Specially د هاؤس د هر یو سړی، ممبر هغې ته Access وی۔ د ریټونو خبره جی، زه به د پبلک هیلتھ Example ورکړم چې هغې کښې At least زما په حلقه کښې یو ټهیکیدار هم ټینډر له نه ځی ځکه چې د هغې هغه ریټونه دومره Low rates دی چې هغه ټهیکیدار پکښې 10 او 20 پرسنټ په نقصان باندې وی نو هغه سکیمونه په دې وجه باندې بیا Delay شی او هغې باندې په صحیح وخت باندې بیا عمل نه کیږی۔ دویمه خبره جی د Re-appropriation یو شے شروع وی، فنډز Allocate شی یو سکیم ته او مینځ کښې چې بیا یو سړے خبریږی نو د هغې بیا Re-appropriation شوے وی او هغه بیا Even چې د هغه ضلعې نه هم وتے وی، د هغې هم ماسره Practical examples او مثالونه شته۔ اخیرنئ خبره به زه دا وکړم چې د بجټ په تیارئ کښې پکار ده چې کم از کم عوامی نمائندګان هغه په Light کښې وی او Right from the beginning چې کوم تجاویز ورکړی، هغه صرف تجاویز برائے تجاویز نه وی خو چې کوم Real تجاویز د هغوی وی او هغه Implementable وی چې هغه تجاویز بیا په بجټ کښې هم شامل شی ځکه چې تیر کال مونږ هر یو بجټ ته راغلی یو خو سږکال خو چا رانه تپوس هم نه دے کړے خو په هغې کښې بیا زمونږ، زما خیال دے چې په دې ټول هاؤس کښې به د چا هغه Suggestion به پکښې Include شوے نه وی نو دا مې عرض کولو چې منسټر صاحب په دې باندې مونږ ته لږ غوندې وضاحت وکړی او لږه یقین دهانی راکړی۔ مهربانی۔

<u>جناب سپیکر</u>: سید محمد علی شاہ صاحب۔

<u>سید محمد علی شاہ</u>: ډیره مهربانی جناب سپیکر صاحب۔ زه خپل کټ موشن جی واپس اخلم خو د دې یقین دهانئ سره چې منسټر صاحب به ان شاء الله تعالیٰ ټولو ممبرانو سره او هرې ضلعې سره به ان شاء الله و تعالیٰ انصاف کوی، نو دغه یقین دهانی راکړئ نو زه دا خپل کټ موشن واپس اخلم۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب، میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر اس صوبے کا یہ محکمہ ٹھیک ہو جائے، تو صوبے کے سارے محکمے ٹھیک ہو جائیں گے۔ چھوٹی سی مثال میں سپیکر صاحب! آپ کو دیتا ہوں، اس دن بھی میں نے بات کی تھی، جناب وزیر خزانہ صاحب بہت اچھے آدمی ہیں، ہم توقع رکھتے ہیں ان کے اوپر، یہ سسٹم کو ٹھیک کرینگے۔ سپیکر صاحب! دس دس سال ہوئے ہیں بلڈنگیں بنی ہوئی ہیں۔

(عصر کی اذان)

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! میں صرف اپنے حلقے کی بات کرونگا، میرے حلقے میں کوئی دس سالوں سے ہسپتال اور سکول کی بلڈنگیں بنی ہیں اور وہ تباہ و برباد ہو گئی ہیں، تو ابھی تک سٹاف وہاں پہ، یعنی اتنی کاہلی اور سستی ہے کہ سٹاف وہاں پہ نہیں پہنچا ہے اور کروڑوں اربوں روپے کا نقصان صوبے کے اندر ہو رہا ہے، تو میں منسٹر صاحب کو یہ تجویز دونگا کہ جب بلڈنگز پر 75% کام مکمل ہو جائے تو کم از کم محکمہ خزانہ والوں کو ہدایت کی جائے کہ اس کیلئے چوکیدار کی پوسٹ فوری طور پر سینکشن کی جائے تاکہ ملکی خزانے کو نقصان ہونے سے بچایا جائے۔ جو لوکل گورنمنٹ آڈٹ کا مسئلہ ہے، اے جی آفس والے سال میں ایک دفعہ ان محکموں کے پاس جاتے ہیں اور ان کا آڈٹ کرتے ہیں، میرا یہ خیال ہے کہ اس کے تھوڑا سا آڈٹ کے طریقہ کار کو وسیع کیا جائے تاکہ جب چیک اینڈ بیلنس ہو گا تو غالباً ملکی خزانہ جو بیدردی سے اس کے اندر جو کچھ ہو رہا ہے اللہ تعالیٰ معاف کرے، ہم سب کو مل کے اس خزانے کو بچانے کی توفیق عطا فرمائے۔ سراج الحق صاحب! آپ کے اوپر بڑی ذمہ داری ہے، چیف منسٹر صاحب سے زیادہ ذمہ داری آپ کے اوپر ہے، آپ خزانہ کو بھریں گے تو ہمارا تعمیر خیبر پختونخواپروگرام بھی ان شاءاللہ چل پڑے گا۔ایک درخواست وزیر اعلیٰ صاحب سے میں یہ کرونگا کہ بیشک آپ کی پارٹی نے تبدیلی لائی اور وہ تبدیلی آپ کے اوپر لاگو ہوتی ہے جناب وزیر اعلیٰ صاحب! Kindly اس میں اپوزیشن کو شامل نہ کریں، ہمارا جو تعمیر خیبر پختونخواپروگرام ہے، وہ اپوزیشن کیلئے آپ بحال کریں اور اپنے اوپر وہ پابندی، (تالیاں) اور اپنے اوپر یہ پابندی ضرور آپ بحال رکھیں کیونکہ آپ نہیں رکھیں گے تو پھر شاید آپ کو پریشانی ہو تو Kindly، چونکہ وزیر اعلیٰ صاحب پرانے پارلیمنٹیرین ہیں اور ممبران کی مجبوریوں کو بھی سمجھتے ہیں کہ حلقوں میں ممبران جب جاتے ہیں تو ان کیلئے کیا کیا مسائل ہوتے ہیں اور لوگ چھوٹی چھوٹی چیزوں پر بڑی توقعات ان کے اوپر رکھتے ہیں اور

یقیناً آپ سمجھتے ہیں کہ اگر پانی کی کوئی سکیم Damage ہو جاتی ہے جو کروڑوں روپے کی ہے اور کوئی ممبر اس کیلئے، دو تین لاکھ روپیہ اوپر اس کے پاس ہو گا تو وہ رکھے گا تو کروڑوں روپے بچ جائیں گے اور اسی طریقے سے ٹرانسفارمر اور یہ دوسری چھوٹی چھوٹی چیزیں، تو میں سمجھتا ہوں کہ وزیر اعلیٰ صاحب مہربانی کریں گے اپوزیشن کے اوپر، خصوصی طور پر ہمارا جو فنڈ ہے، ٹی ایس پی تعمیر خیبر پختونخوا ہے، یہ ضرور آپ بحال کریں گے۔ بڑی مہربانی۔

(تالیاں)

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): چونکہ اورنگزیب خان ہمارے پرانے پارلیمنٹیرین ہیں، میں آج آپ سب کو یقین دلاتا ہوں خاص طور پر اورنگزیب کی وجہ سے کہ ان شاءاللہ تعالیٰ ڈسٹرکٹ ڈیویلپمنٹ کمیٹی کے Through فنڈز آئیں گے اور وہاں سب بیٹھ کر سکیمیں بنائیں گے، آپ کا خیال رکھا جائے گا، ایسا مسئلہ نہیں ہو گا۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مسٹر شاہ حسین صاحب۔

جناب شاہ حسین خان: واپس اخلم جی۔

جناب سپیکر: ثوبیہ شاہد۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: میرے خیال سے اس محکمے میں فنانس کے سلسلے میں میں بالکل مطمئن نہیں ہوں کیونکہ اس کی کوئی پلاننگ نہیں ہے۔ ہاں چونکہ ادھر 35 لاکھ اگر سٹوڈنٹس ہیں تو ایک لاکھ ٹیچرز ہیں، جناب سپیکر، باہر کے ملکوں میں ایک کلاس میں 18 سٹوڈنٹس ہوتے ہیں اور ادھر 180 سٹوڈنٹس ہیں اور ایک ٹیچر سنبھالتا ہے تو کہاں سے وہ بچے پڑھیں گے؟ مطلب ان کو ٹیچرز چاہیئے کہ جی پوسٹیں نکالیں، آگے سے Jobs دیدیں۔ ہاسپٹلز میں دیکھیں OPD میں آپ جائیں، ایک ڈاکٹر درمیان میں بیٹھا رہتا ہے اور مریض اس کے اوپر ہی چڑھے جاتے ہیں درمیان میں کہ کون ہے؟ اندر ایک ڈاکٹر ہوتا ہے اور OPD کی چٹیں لوگ دیتے ہیں تو یہ کونسا سسٹم ہے؟

جناب سپیکر: ہاں۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: تو ڈاکٹرز چاہئیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: تو ہاں یہ Concerned اس کے ساتھ بات کریں، Basically، یہ تو آپ ہیلتھ کی (بات) کر رہے ہیں، جو Concerned department ہے، اس کے حوالے سے بات کریں۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: عظمیٰ خان، میڈم!

محترمہ عظمیٰ خان: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، زما شکایا تو نہ خو ڈیر زیات وو خو سراج الحق صاحب زما کلی وال دے او دے زمونږ آنریبل دغہ دے او سی ایم صاحب موجود دے نو زہ واپس اخلم۔ تھینک یو۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مسٹر عسکر پرویز۔

جناب عسکر پرویز: جناب سپیکر، ایک تو یہاں پر Releases کا بڑا پرابلم ہے جس سے ترقیاتی کام بہت مشکل ہو جاتے ہیں صوبے میں۔ دوسرا اس ڈیپارٹمنٹ میں ملازمین کو مختلف طریقوں سے الگ الگ الاؤنسز دیئے جاتے ہیں، اگر آپ نوٹ کریں تو اس ڈیپارٹمنٹ کے جو ملازمین ہیں، انکی تنخواہیں دوسرے ڈیپارٹمنٹ سے کچھ زیادہ ہی ہوتی ہیں تو اس پر میں چاہونگا کہ ذرا دیکھ لیں اور اس پر سردار صاحب نے Already funds کے ایشو پر بات کر دی اور وزیر اعلیٰ صاحب نے بھی یقین دہانی کرائی ہے تو میں امید کرونگا کہ وہ ہمارا خیال رکھیں گے۔ میں واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: عبدالستار خان۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر، سب اراکین نے اس پر بات کی ہے، یقیناً فنانس ڈیپارٹمنٹ کے حوالے سے دو تین چیزوں کو ہم نے تین چار سالوں میں یوں دیکھا ہے، اس میں جو Cost estimates ہیں، Allocations ہیں اور Releases میں Balance نہیں ہوتا جس کی وجہ سے آگے ہمارے ڈیویلپمنٹل پروگرامز متاثر ہوتے ہیں، یہ میں نے ایک بات نوٹ کی ہے اور میں تجویز کے ساتھ یہ کہونگا کہ اس میں آپ توازن رکھیں۔ دوسری جناب سپیکر، یہ فنانس ڈیپارٹمنٹ کے حوالے سے ایک تجویز بھی

دونگا، تجویز سمجھ لیں کہ یہ جو ہم ہر سال بجٹ کے دوران بجٹ سپیچ ہوتی ہے تو اس کے بعد ہم ممبران اسمبلی اس اسمبلی کے اندر اپنے جنرل ڈسکشن میں تجاویز دیتے ہیں۔ اس روایت کو تھوڑا تبدیل کرکے -Pre budgetایک سیشن ہو اس پر، جس میں ممبران اسمبلی، آئندہ مالی سال یہ روایت ہو کہ وہ اپنی ترجیحات کے مطابق اپنے اضلاع کے متعلق اپنے حلقوں کیلئے آپ سے یا ڈیویلپمنٹ سکیموں کے لحاظ سے جو تجاویز دیں وہ ہر بجٹ اجلاس سے پہلے Pre-budget ایک اجلاس ہو جس میں یہ تجاویز آئیں اور اس بنیاد پر بجٹ سازی ہو تو میرے خیال میں یہ بڑی معقول بات ہو گی۔ جناب سپیکر، یہ میں Withdraw بھی کرونگا، یقیناً سراج الحق صاحب نے کل اپنی Wind up speech میں بڑے خوبصورت ترین الفاظ میں اس کا تمام اجمالی جائزہ بھی لیا اور اس کا ذکر بھی کیا لیکن ساتھ ساتھ ایک تھوڑا سا گلہ بھی ہے کہ وہ جب بھی اس میں تذکرہ کرتا ہے تو دریائے پنجکوڑہ اور دریائے چترال سے آگے کوہستان کی حدود تک نہیں جاتا۔ اس میں جس طرح آپ نے ذکر کیا تھا کہ 25 ہزار میگاواٹ بجلی کی گنجائش ان دو دریاؤں میں ہے تو میں یقین سے کہتا ہوں کہ اس سے آگے کوہستان ہے اور شانگلہ ہے، خصوصاً کوہستان میرے حلقے میں یہ چھوٹے دریاؤں پر میرے خیال میں کوئی 45 ہزار میگاواٹ بجلی کی گنجائش ہے تو اس چیز کا بھی تھوڑا وہ ذکر کریں اور صرف اظہار پر بھی ہم خوش ہوتے ہیں۔ باقی تو خزانے کی کنجی آپ کے پاس ہے، یہ ہمارا رب بھی دیکھتا ہے اور ہماری یہ پوری اسمبلی بھی دیکھتی ہے، زیادتی کروگے تو احتساب بھی ہو گا، اور کچھ بھی نہیں ہو گا تو اس رب کے سامنے تو ہم نے جانا ہے اور یہ آپ کی ان باتوں کی میں تائید بھی کرتا ہوں اور میں Withdraw کرتا ہوں سر۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: تیس منٹ کیلئے وقفہ کیا جاتا ہے، نماز اور چائے کیلئے۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز عصر اور چائے کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ وقفہ کے بعد باقاعدہ آغاز کرتے ہیں۔ مفتی جانان صاحب سے خواست ہے کہ وہ اپنی کٹ موشن پر بات کریں۔

مفتی سید جانان: بسم الله الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب، لکه دې ملګرو خبرې اوکړلې، محکمه خزانه غالباً د ټولې صوبې چې څومره محکمې دی، دا د

دوئ ماتحت دی او د دوئ په وجه باندې چلیږی خو جناب سپیکر صاحب، که کله هم مونږ سی اینډ ډبلیو والا ته لاړ یو یا چا ته هم لاړ یو چې هلته علاقو کښې کارونه شوی دی بیا د هغوی نه مونږ تپوس کوؤ، زه به د خپلې حلقې حوالې باندې درته اووایم چې تقریباً سن 10-2009 والا سکولونه دی، زما حلقې کښې جوړ شوی دی، نیم نیم جوړ دی او نیم نیم پاتی دی، که کله هم ما هغوی ته وئیلی دی نو هغوی وائی چې فنډز نشته دے ، د فنډ د وجه نه هغه سکولونه مطلب دا دے ، هم دغه شان به زما د دغه ملګرو حلقو کښې په زرګونو وی خو په سوؤنو داسې بلډنګونه به وی چې هغه به د فنډ د وجه نه نیم پاتی وی۔ ګزارش به زما دا وی چې د دې د پاره د یوه طریقه کار وضع کړلے شی۔ مخکښې خو به محکمو کښې لږه پرده وه، لږ عزت وو، لږه حیا به وه، اوس خو هر څوک خپل کار پوره کړی او بیا ټهیکیدار پوهه شه او کارونه ئے پوهه شه۔ که مونږ ټهیکیدارانو ته وایو چې دا کار ولې نه پوره کوئ، هغوی وائی چې ما نه خو دومره دومره پیسې رانه لاړې دی او نورې پیسې شته نه جی چې زه ورسره دا کار پوره کړم او بل جناب سپیکر صاحب، قومی خزانې ته د هغې کارونو دا نقصان وی چې نن یو کار په پینځه روپئ باندې کیږی، سبا په اته او په لس روپئ باندې هغه کار بیا نه کیږی نو دا به مو ګزارش وی، وزیر خزانه صاحب ماشاءاللّٰه یو ډیر دینداره او ایمانداره انسان دے ، دوئ نه مونږ دا توقع لرو چې د دې د پاره د یو طریقه کار متعین شی، د هغه طریقه کار مطابق د محکمو ته او متعلقه مطلب دا دے چې کوم تعمیراتی کارونه شوی وی او یا کیږی، هغوی ته د فنډ مهیا کړلے شی او بل به مې جناب سپیکر صاحب، دا ګزارش وی چې کله هم سکولونه او شئیان جوړ شی، ډیر داسې سکولونه دی، اول زه به درته د خپل کلی خبره وکړم، زما کلی کښې یو سکول جوړ شو او هغه دے زنانه پرائمری سکول، هغه تقریباً سن 2008 او 2009 اے ډی پی کښې جوړ شوے دے ، سن 2009 نه دغې پله تقریباً ډیر کالونه، پینځه کالونه یا دغه شان کم و زیات موده پوره کیږی، اوسه پورې د ایجوکیشن او د سی اینډ ډبلیو په دې باندې جهګړه ده چې هغوی وائی چې مونږ ته فنډ نه دے ریلیز شوے او چې مونږ ورته چوکیدار راولو او مونږ ورته کسان راولو، اوس ما اوریدلی دی چې متاثرین ورته راغلی دی، هغه سکول کښې

آباد شوی دی، نو دا به زما گزارش وی چې مخکښې تیر حکومت کښې هم ما دا خبره کړې وه، تقریباً ځلور سوه دی که څه کم زیات دا سې سکولونه دی چې د ډیرو مودو نه پراته دی، حکومت د هغې غم نه کوی، حکومت هغې ته پوستونه نه ورکوی، چوکیدران نه ورکوی نو د هغې د وجه نه هغه سکولونه بیا خراب شی۔ دې گزارشاتو سره سره زه خپل کټ موشن واپس اخلم او دا گزارش کوم چې منسټر صاحب به ان شاء الله په دې باندې غور کوی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مسٹر محمد عصمت اللہ۔

جناب محمد عصمت اللہ: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر، محکمہ خزانہ، اس کے نام سے بھی پتہ چلتا ہے کہ اسکی کتنی اہمیت ہے اور جناب والا عربی زبان میں ایک شاعر فرماتے ہیں:

رأیت الناس قد ذھبوا | إلی من عندہ ذھبٌ
ومن لا عنـــدہ ذھـــبٌ | فعنہ الناس قد ذھبوا
رأیت الناس قد فضوا | إلی من عندہ فضۃ
ومن لا عنـــدہ فضـــۃ | فعنہ الناس قد فضوا
رأیت الناس قد مالوا | إلی من عندہ مالُ
ومن لا عنـــدہ مـــالُ | فعنہ الناس قد مالوا

جناب سپیکر، مستزاد یہ کہ یہ وزارت خزانہ کا منصب، یہ سنت یوسفی بھی ہے اور اس وزارت کا حضرت یوسف علیہ صلواۃ والسلام نے اپنے استحقاق کی بنیاد پر اس کا مطالبہ بھی کیا تھا۔ ارشاد ربانی ہے: ٱجۡعَلۡنِی عَلَىٰ خَزَآئِنِ ٱلۡأَرۡضِ إِنِّی حَفِیظٌ عَلِیمٌ، تو جناب والا! اس سے بھی اس محکمے کی اہمیت کا اندازہ لگتا ہے لیکن جناب والا، میں اپنے گرامی قدر منسٹر صاحب کے حضور میں صرف اتنا بتانا چاہونگا کہ ہمارا اس حکومت کا مشعل راہ مدینہ سٹیٹ ہے اور جناب رسول اللہ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں: (عربی) جو میانہ روی اختیار کرے گا وہ کبھی بھی تنگ دستی میں، فقر وفاقہ میں اور مشکل میں مبتلا نہیں ہو گا۔ اسی تمہید کے بعد جناب والا! ایک تو میرے ساتھیوں نے بھی بتایا کہ یہ محکمہ خاص طور پر جو ادارے بنتے ہیں، ان کی پوسٹوں کی Sanction کے بارے

میں بے جا تاخیری حربے استعمال کرتا ہے اور یہاں تک کہ وہ اس تعمیر کی افادیت خواہ وہ محکمہ صحت کا ہو، خواہ وہ محکمہ تعلیم کا ہو، خواہ وہ کسی اور محکمے کا ہو، تو جب تک اس کیلئے کوئی رکھوالے کا بندوبست نہ ہو تو جناب والا! پھر وہ منہدم ہو جاتا ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ جب کوئی ادارہ بنتا ہے کسی مقصد کیلئے تو جب تک اس کا غرض وغایت حاصل نہ ہو تو لوگوں کو اس کے ساتھ دلچسپی، لگاؤ اور محبت و پیار ختم ہو جاتا ہے اور یہاں تک پھر کچھ لوگ اس کی افادیت ختم ہونے کی وجہ سے اس کے دروازں کو اکھاڑ کر لیجاتے ہیں، کچھ لوگ اسکی چادروں کے اوپر پتھر مارتے ہیں، پھر یہاں تک کہ ہمارے محکمے کا ان کیلئے پوسٹوں کا بندوبست کرنے تک وہ بلڈنگ آدھی موقع پر نہیں ہوتی ہے اور نہ قابل استعمال ہوتی ہے اور یہ اس لئے کہ علامہ اقبال فرماتے ہیں:

جس کھیت سے دہقان کو میسر نہ ہو روزی

اس کھیت کے ہر خوشہ گندم کو جلا دو۔

تو جو بڑی بڑی بلڈنگز، خوبصورت بلڈنگز بنی ہیں لیکن جس مقصد کیلئے بنی ہیں لوگوں کو وہ سیرابی حاصل نہ ہو، وہ افادیت نہ ہو تو پھر لوگ اس کو گرا دیتے ہیں جناب والا! لہذا ایک تو محکمے کی ناقص کارکردگی میں میرے دوسرے ساتھیوں نے بھی عرض کیا ہے، دوسری بات یہ ہے کہ Fund releases یہ پورے سال میں نہیں کرتے ہیں جی، جون کے مہینے میں فنڈ Release کرنے پر یہ حشر ہو جاتا ہے۔ یہ کیوں ہوتا ہے، یہ تاخیر کیوں ہوتی ہے اور پھر جون کے مہینے میں اتنی وسیع مقدار میں Release کیوں ہوتا ہے؟ تو یہ میرے محترم وزیر صاحب موصوف جو رشوت کے بتوں کو توڑنے والے ہیں، وہ خود سمجھتے ہیں کہ اس کو یہاں تک کیوں لے آتے ہیں اور پھر اس وقت اس فنڈ کو Release کیوں کرتے ہیں؟ ایک تو اس میں یہ ہے کہ اس کی تسلسل کے ساتھ پورے سال میں اگر Release ہو تو بروقت کام بھی ہو گا اور کام بھی تسلی بخش ہو گا (تالیاں) اور پھر معلوم ہے ان سب کو جی کہ 30 جون کی رات کو جو ہجوم رہتا ہے فنڈ کو ریلیز کرنے کیلئے بینکوں پہ تو وہ سب کو معلوم ہے۔ تو جناب والا! اس سے بچانا چاہیئے اور اس کے علاوہ آڈٹ کے بارے میں، یہ بھی ہم سب کو معلوم ہے کہ یہ بھی ایک روایتی انداز میں ہوتا ہے، آڈٹ کے بہانے جاتے ہیں اور وہاں سے گلگت سکردو، شمالی علاقہ جات کی سیر پر جاتے ہیں، چند دن لگا کر واپس آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ آڈٹ ہو گیا ہے، تو لہذا میرا مقصد یہ ہے جناب والا! کہ اس محکمے کی اتنی اہمیت کے باوجود اگر اس میں

تھوڑی کوتاہی بھی سامنے آجاتی ہے تو پھر وہ بہت نقصان دہ ہوتی ہے۔جناب والا! آخر میں میں ایک بات عرض کروں کہ کل Budget speech میں جیسا کہ ہمارے عبدالستار خان صاحب نے بھی ذکر کیا کہ ہمارے منسٹر صاحب نے کالا باغ ڈیم کے ساتھ وفاقی حکومت سے یہ مطالبہ بھی ہاؤس میں رکھا کہ بھاشاڈیم کو بھی مت بناؤ، جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ ہمارا وزیر موصوف اگر برانہ مانیں تو یہ مطالبہ یہ کیوں کرتا ہے؟ان کے سامنے یہ بات ہے کہ یہ تمام منصوبے۔۔۔۔۔

(معزز رکن کا موبائل بج رہا ہے)

(قہقہے)

جناب سپیکر: مولانا صاحب! یہ موبائل اپنا بند کریں، یہ مہربانی ہو گی، اسمبلی کا اجلاس ہے اور دوسرا ٹائم کا بھی خیال رکھیں، آگے بھی۔۔۔۔۔

جناب محمد عصمت اللہ: جی۔

جناب سپیکر: نہیں، کیونکہ کافی کام باقی ہے تو اگر آپ مختصر کریں تو مہربانی ہو گی۔

جناب محمد عصمت اللہ: بس ختم کرتا ہوں، ختم کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: مختصر کریں جی۔

جناب محمد عصمت اللہ: تو اس کے ساتھ یہ ہے جی، وہ کہتا ہے کہ چترال اور پنجگوڑہ میں بناؤ حالانکہ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارا منسٹر موصوف کا مطالبہ ہے کہ ہر ایک ڈویژن سے صوبہ بناؤ، تو وہ سمجھتا ہے کہ اگر ہر ایک ڈویژن صوبہ بن جائے اور یہ تمام منصوبے وہاں کوہستان میں بن جائیں تو ان کی رائلٹی تو پھر صوبہ ہزارہ کو ملے گی، صوبہ ملاکنڈ کو تو نہیں ملے گی، تو یہ ہمیں کافی دور سے محروم رکھنا چاہتا ہے۔تو جناب والا، اس قسم کی باتیں اگر نہ ہو جائیں تو بہتر ہو گا اور میں انہی باتوں پہ اپنی کٹوتی کی تحریک واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: شکریہ جی، شکریہ، شکریہ۔ هسې ډیرګران دغه د واپس واخستو، هن۔
(قہقہہ) میاں ضیاءالرحمان صاحب، شیر از خان۔

جناب محمد شیراز: جناب والا! محکمہ خزانہ بہت اہم محکمہ ہے جس کی چابی جناب سراج الحق صاحب کے پاس ہے، میں مذکورہ محکموں میں چند تجاویز پیش کرنا چاہتا ہوں۔ جناب والا، اکثر بلڈ نگز، سکول یا روڈ، جو بھی ہے، جس وقت وہ تیار ہو جاتے ہیں تو ان کو فنڈ Release نہیں ہوتا تو وہ ان فنڈز کی وجہ سے چھ چھ مہینے، ایک ایک سال تک اسی طرح بند پڑے رہتے ہیں تو اس وجہ سے محکمے کو کافی نقصان ہوتا ہے۔ جس وقت وہ فنڈ Release ہوتا ہے، وہ پاس ہوتا ہے خواہ وہ روڈز ہیں یا بلڈ نگز ہیں تو اس کو جس وقت فنڈز Release ہوتے ہیں، پھر اس کی کوئی گارنٹی نہیں ہوتی، میری یہ تجویز ہے کہ جو بھی سرکاری کام ہے، خواہ روڈز ہیں یا بلڈ نگز ہیں، محکمہ خزانہ صوبائی گورنمنٹ اسکی باقاعدہ گارنٹی مقرر کرے کہ جو محکمہ، جو ادارہ ہے، وہ ذمہ دار ہو کم از کم اس کا، اگر ایک آدمی اپنے گھر کیلئے تعمیر کرتا ہے، اپنی ذات کیلئے تعمیر کرتا ہے تو اس کی اہمیت کیا ہوتی ہے؟ لیکن گورنمنٹ خزانہ سے جو چیز بھی بنتی ہے، وہ بننے کے چھ مہینے بعد یا ایک سال بعد وہ بالکل ختم ہو جاتی ہے۔ میری جناب وزیر خزانہ سے یہ درخواست ہے کہ اس کا تدارک کیا جائے اور اسکا ازالہ کیا جائے کہ یہ فنڈ، جو گورنمنٹ کا ضیاع ہو رہا ہے وہ ضائع نہ ہو اور جو عمارات یا جو بلڈ نگز یا جو بھی ہو، بر وقت مکمل ہو، ان کو جلد از جلد محکمے کے حوالے کیا جائے اور جہاں خالی پوسٹیں ہوں، ان کو جلد از جلد پر کیا جائے۔ میں نے اس میں دو لاکھ کی کٹ موشن دی تھی تو اس کو واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مسٹر محمود احمد خان۔

جناب محمود احمد خان: مهربانی۔ زه د سراج صاحب چې دا دوئ وئیلی وو چې د پوره ضلعو چې کوم دا پسمانده ضلعې دی، دې ټولو ته به حقوق برابر ورکوؤ، مونږ دوئ نه دا امید لرو چې ان شاءالله دوئ به مونږ سره انصاف کوی او د ده په خاطر زه دا کټ موشن واپس اخلم۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: نوابزادہ ولی محمد خان۔

نوابزادہ ولی محمد خان: جناب سپیکر صاحب، په دې محکمه خو هغه ورځې ما هم ډیر لوئے بحث کړے وو چې په منصوبه بندئ باندې، د کارکردګئ نه خو زه ډیر

مطمئن نه یم خو چونکه دا زمونږ وزیر اعلیٰ صاحب سره ده او زه دا توقع لرم چې په دیکښې به مونږ سره مشوره او دغه کوی نو د دغې د وجه نه زه هغه خپل کټ موشن واپس اخلم۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: The honourable Minister for Finance, Khyber Pakhtunkhwa, to please reply.

جناب سراج الحق {سینیئر وزیر (خزانہ)}: جناب سپیکر صاحب! پہلے تو جن دوستوں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے اس میں ہمارے لئے کافی رہنمائی موجود ہے، مفتی جانان صاحب بھی، ملک عبدالستار صاحب، عسکر پرویز، عظمیٰ خان بی بی، صالح محمد صاحب، ثوبیہ شاہد صاحبہ، حسین شاہ اور آمنہ سردار بی بی نے بھی، ارباب اکبر حیات نے، محمد علی شاہ باچا، جعفر شاہ، عصمت اللہ صاحب، ملک ریاض صاحب اور دوسرے ساتھیوں نے بھی کافی تفصیل سے بات کی ہے۔ دو باتیں ہیں، ایک تو یہ ہے کہ ہمارا ارادہ ہے، عزم ہے کہ اسمبلی میں ایک ایسے قانون کو ہم لائینگے جس میں اطلاعات تک رسائی ممکن ہو، یقینی ہو اور لوگ اس لئے کرپشن کرتے ہیں یا لوگ اس لئے Delay tactics استعمال کرتے ہیں یا لوگ اس لئے چیزوں کو چھپاتے ہیں کہ اب تک ایسا قانون نہیں ہے جس کے نتیجے میں ہر پاکستانی یا وطن کا ہر شہری جو معلومات حاصل کرنا چاہے، اس کو مل جائیں۔ تو ایک تو ان شاءاللہ تعالیٰ اس طرح ایک قانون ہم لا رہے ہیں، آپ فنانس کے حوالے سے، آپ محکمہ جنگلات کے حوالے سے، پی اینڈ ڈی کے حوالے سے، جس محکمے میں جو بھی معلومات آپ چاہیں، اس تک رسائی ممکن ہو سکے گی، اس سے یہ گلے ختم ہو جائینگے۔ دوسری بات یہ ہے کہ جو ترقیاتی کاموں کے حوالے سے ابتداء ہی میں ٹینڈر وغیرہ کئے جاتے ہیں، اب تک جو سلسلہ ہے، سچی بات یہ ہے کہ اس سے تو ہم سب مطمئن نہیں ہیں اور جو سسٹم ہے، ہم مرکز سے، باہر سے، جہاں سے بھی فنڈ لاتے ہیں، وہ اسی ایک محکمے کی نذر ہو جاتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ اس ملک میں جتنی بڑی بڑی پراپرٹیز ہیں، وہ ان لوگوں کی ہیں جو اس طرح کے کاموں میں Involve ہیں۔ تو اس کیلئے بھی سی اینڈ ڈبلیو کے منسٹر نے ایک پورا پلان بنایا ہے اور جس طرح آپ کو اپنے گھر میں بیٹھ کر اپنے کمپیوٹر کے ذریعے کسی بھی کیس، ٹینڈر کے حوالے سے وہ ساری معلومات آپ کو ملیں گی جی، ٹینڈر فارم کے ساتھ بھی آپ چاہیں تو اپنے گھر میں بیٹھ کر اس میں Apply کریں، اس میں بولی کریں اور اس طرح بڑے شہروں میں، شیئرز کی بات ہے کہ گھر میں بیٹھ کر

بھی آپ اس میں شیئرز لے سکتے ہیں، خرید سکتے ہیں، فروخت کر سکتے ہیں تو ہم اس سسٹم کو بھی کلیئر، شفاف بنائینگے ان شاءاللہ تعالیٰ۔ (تالیاں) اور یہ اب تک جو ٹھیکیداری سسٹم ہے کہ محکمہ اور ٹھیکیدار مل کر جو چاہیں تو یہ ان شاءاللہ اس کے نتیجے میں تبدیل ہو جائے گا۔ تیسری بات یہ ہے کہ جو محکمہ خزانہ کے حوالے سے مفتی صاحب اور تمام ساتھیوں نے بات کی ہے، یہ ہمارے ساتھ بالکل ایک امانت ہے، ہم اسمبلی میں بھی باہر بھی اور آپ سب سے بڑھ کر پھر ہم اپنے رب کے سامنے جوابدہ ہیں اور دنیا میں بیشک ایک انسان جواب دے سکتا ہے، کسی کو مطمئن تو کر سکتا ہے لیکن اللہ جو سمیع و بصیر ہے لطیف و خبیر ہے، اللہ ہمیں اس دن کی شرمندگی سے بچائے، اس لئے میری کوشش ہو گی بحیثیت ایک ذمہ دار کے کہ اس نظام کو ہم شفاف بنالیں اور یہی وجہ ہے کہ فنانس میں آنے کے بعد میں نے ان سابق سیکرٹریوں کو جو فنانس کے سیکرٹریز رہے ہیں، ان کو بلایا ہے، ان سے مشاورت کی ہے کہ ہم کس طرح زیادہ سے زیادہ ایک شفاف نظام بنالیں اور اس پورے نظام کو صاف کر لیں؟ پھر یہ ہے کہ ایک ایک محکمہ کو جو ہمارے فنانس سے فنڈ جاری کیا جاتا ہے۔ ہم ان سے ایک تفصیلی بریفنگ اور پھر یہاں تک جانے کیلئے تیار ہیں کہ ہمارا وہ پیسہ ڈیپارٹمنٹ پھر کہاں اور کس طریقے سے استعمال کرتا ہے؟ ہم سب بھائی ہیں، یہ ہماری ایک مشترکہ ذمہ داری بھی ہے اور ہم سب امین ہیں، میں آپ سے بھی یہی درخواست کرتا ہوں کہ آپ کے ذہن میں آپ میں سے بہت سارے لوگ ایسے ہیں جو بہت زیادہ تجربہ کار ہیں اور شکایت تو سب کو ہے لیکن شکایات کے ساتھ جو بھی ایسی اچھی تجویز آپ کے ذہن میں آ جائے تو محترم وزیر اعلیٰ صاحب بھی تشریف فرما ہیں، میں ان سے بھی عرض کرونگا کہ ایک 'تجاویز سیل' بھی بنایا جائے اور ایک Competent آدمی وہاں پہ موجود ہو کہ جس محکمے سے جہاں سے بھی اس محکمے کے حوالے سے کوئی تجویز آجائے جو قابل عمل ہو، تو وہاں ایک ایسا افسر موجود ہو کہ اس متعلقہ وزیر، وہاں کے سیکرٹری کیساتھ اس کو فوراً Share کرلے اور بجائے یہ کہ وہ سالہا سال بعد، تو فوری طور پر اس کو Response بھی ملے اور جس آدمی نے تجویز دی ہے، وہ بھی ان کے ساتھ ڈسکس کی جائے، مجھے امید ہے ان شاءاللہ تعالیٰ وزیر اعلیٰ صاحب اس طرح ایک 'تجاویز سیل' بھی بنائیں گے جس میں ہم سب، آپ سب اس میں Share کریں گے۔ آخری بات یہ ہے کہ جو فنڈز Release کئے جاتے ہیں تو اس میں 50 فیصد تو ایسے ہیں جو کہ جنوری ہی میں Release کئے جاتے

ہیں اوراس کے بعد اور پھر جولائی میں بھی، لیکن ہمارا یہ ہے کہ یہ جو Completion certificate کے بعد ایک فنڈ Release کیا جاتا ہے تو اس میں کافی وقت لگ جاتا ہے اور اس میں بھی ایک پرابلم یہ ہے کہ فنڈ Release نہ ہونے کی وجہ سے جب ایک کام Delay ہو جاتا ہے تو جب وہ ایک کروڑ کا ہو تو آخر میں خود ٹھیکیدار آکر درخواست دیتا ہے کہ چونکہ اب ریٹ میں اضافہ ہوا ہے، لوہا اور سیمنٹ اور باقی چیزوں میں، تو اس لئے اب اس پر نظر ثانی کی جائے اور کئی ایسے منصوبے خود میرے علم میں ہیں کہ وہ 56 لاکھ کا منصوبہ تھا اور پھر ایک کروڑ سے وہ بڑھ گیا ہے۔ تو اس نظام کو بھی ہم ان شاءاللہ تعالیٰ بہتر بنائیں گے یعنی ایک پی اینڈ ڈی کے منسٹر کی حیثیت سے میں صوابی گیا تھا اور ایک سڑک کے حوالے سے میں نے ایکسیئن سے کہا کہ آپ اس کا Estimate بنالیں تو انہوں نے ایک کروڑ اور 20 لاکھ کا Estimate بنایا، پھر وہ جب میرے پاس پہنچا، میں نے کہا اتنا پیسہ تو نہیں ہے، دوبارہ بنالیں تو انہوں نے پھر 75 لاکھ کا Estimate بنایا، پھر میرے پاس جب فائل پہنچی تو میں نے ان سے کہا کہ بابا اس علاقے کیلئے میرے پاس صرف 34 لاکھ روپیہ ہے اور وہ گاؤں بھی پیچ پیر کا تھا تو انہوں نے وہی Estimate پھر 34 لاکھ کا بنایا اور آپ یقین کریں سپیکر صاحب، وہ سڑک بن بھی گئی اور وہ اب زیر استعمال بھی ہے اور بہت اچھی سڑک ہے لیکن اگر ہم اس پہ نظر ثانی نہ کرتے تو وہ 34 کی بجائے ہم سے ایک کروڑ اور 20 لاکھ روپیہ ادھر جانا تھا، تو اس طرح ہر جگہ یہ پرابلم موجود ہے لیکن میں اپنے تمام دوستوں کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم سب نے ملکر اس طرح کی اصلاح بھی کرنی ہے اور جن جن ساتھیوں نے تجاویز دی ہیں، میں نے تفصیل کے ساتھ ان کو نوٹ بھی کیا ہے اور جن ساتھیوں نے اپنی وہ تحریکیں واپس لی ہیں، ان کا بھی میں شکریہ ادا کرتا ہوں، خصوصی طور پر ملک عبدالستار صاحب نے ایک گلہ کیا کہ کل میں وہ جو کوہستان کا بہت بڑا دریا ہے، میں اس کو بھول گیا ہوں، تو میں اب اس کا نام لیتا ہوں کہ ان شاءاللہ تعالیٰ جب ہائیڈل پاور کے پراجیکٹ بنیں گے تو اس میں اس کو بھی Consider کیا جائے گا اور یہ ان پہ کوئی احسان نہیں ہے، یہ میرے صوبے کی ضرورت ہے، اللہ نے پانی کا اگر وہاں ذخیرہ دیا ہے تو پانی کا ہر قطرہ ہمارے لئے ایک امانت بھی ہے اور ایک قیمتی چیز بھی ہے۔ (تالیاں) میں تمام دوستوں کا اور ساتھیوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اپنی تحریکیں واپس لیں کٹوتی کی اور ان شاءاللہ تعالیٰ آپ کی ان باتوں پر ہم توجہ بھی دینگے اور ہماری مشاورت کا یہ عمل جاری بھی رہے گا۔ بہت شکریہ جی۔

جناب سپیکر: اس میں ہمارے کچھ معزز مہمان کی، ہمارے معزز ممبران کی کچھ رہ گئیں۔ اکبر حیات صاحب۔

ارباب اکبر حیات: جناب سپیکر صاحب، کټ موشن خو به واپس اخلم ځکه چې ما ته ښکاری دا څه روایت جوړ شوی دی د دې اسمبلۍ خو په دې باندې به زمونږ وزیر خزانه صاحب خو خوشحاله شی خو زما د حلقې هغه خلق چا چې د زرګونو په تعداد کښې ماته ووټ راکړے وو، د هغوی زړونه به ډیر خفه شی۔ جناب سپیکر صاحب، زما وزیر خزانه صاحب ډیرې ښه خبرې وکړې خو چونکه زه هم د یو داسې حلقې نه منتخب شوے یم چې هغه هم لوټې لوټې ده، د هغې هم د سړکونو د سکولونو او دغه رنګې د لارو کوڅو مسئلې شته خو افسوس سره دا وایم چې زمونږ وزیر خزانه صاحب خو د خپل دیر د پاره غم او فکر کړے وو خو کاش چې ده دا سوچ هم کړے وے چې زه د پېښور په یو داسې ضلع کښې کومې کښې چې په بیشماره تعداد کښې تقریباً یوولس ممبران Electشوی دی او په هغې یو واحد زه اکلوته د مسلم لیګ نون نمائنده یم او دا سوچ ئے کړے وے چې څه یو لس کلومیټره به دله هم ورکړم نو ما به د دوئ د حق او د سچ دعویٰ نن کړې وه خو بهرحال جناب سپیکر صاحب، مونږ دا غواړو چې ښه ماحول کښې دا اسمبلی وچلیږی او دغه رنګ مونږ نه هم خلق دا توقع کوی چې کله مونږ الیکشن کولو نو مونږ د لارو، د کوڅو، د هسپتالونو وعده کړې وه خو نن ډیر افسوس سره دا وایم چې زمونږ هغه نظام، بلدیاتی نظام مونږ هم د هغې Favour کوؤ خو افسوس چې دوه هغه بلدیاتی Elected خلق تاسو قبلوئ او مونږ له چې په زرګونو تعداد کښې خلقو ووټ راکړے دے، زمونږ حیثیت تاسو نه تسلیموئ او مونږ دغه حق نه محرومه کوئ کوم چې زمونږ جائز حق دے، د کوم چې مونږ نه مطالبه کیږی او زما یقین دے چې د دې ټولو نه به کیږی، دا به آواز زما وی خو د دې ټولو به ورسره اتفاق وی، هغه بیله خبره ده چې دوئ غږ نه کوی جناب سپیکر صاحب، وزیر خزانه صاحب کم از کم دا د اووائی چې یو Elected Member په حلقه کښې ډیرې مجبوریانې وی، زه چې کله حلقې ته ځم نو د دې ګرمۍ په موسم کښې تقریباً روزانه لس او پینځلس ټرانسفارمرې جوړوم نو چې ماسره فنډ نه وی جناب سپیکر صاحب، پیسے هم خرڅ کړم او بیا هم پرې کار نه کیږی نو زما دلته د

اسمبلئ د ناستې زما په خیال هغه مقصد نه پوره کیږی۔ وزیر خزانه صاحب! ستا د حق او صداقت او د امین توب به ان شاءالله زه ضرور سرټیفیکیټ ورکوم که کله تاسو دا سوچ وکړو چې ټولې حلقې مساوی دی، ټولې ضلعې مساوی دی او کوم سوچ چې تاخپلې ضلعې د پاره کړے دے، هغه تا زما د ضلعې د پاره هم وکړو نو زه به ستاسو ډیر ممنون او مشکور یم خو بهرحال بیا هم، هم هغه روایت هم هغه مروت چې زه هغه خپل کټ موشن واپس اخلم۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: سراج صاحب۔

سینیئر وزیر (خزانہ): جناب سپیکر صاحب، زه به ارباب صاحب ته یو خبره وکړم ستاسو په وساطت باندې۔ ارباب صاحب! چې یوخو اس سال الحمدللہ سردار بہت زیادہ آئے ہیں، کبھی ارباب بھی سردار بن جاتے ہیں۔ بہر حال میں عرض کروں کہ ہم نے جو پشاور میں منسٹر ہیں، ان سے یہی کہا ہے کہ جب آپ پشاور کے تمام ایم پی ایز کو بلائیں گے تو اس میں جناب ارباب صاحب کو بھی بلالیں اور ہر میٹنگ میں، ہر مشاورت میں پشاور کے ایک ایم پی اے کی حیثیت سے ان شاءاللہ تعالیٰ ہمارا ساتھی ہے، ان کو ضرور بلائیں گے۔ باقی جو انہوں نے بات کی ہے، شاید یہ مجلس میں نہیں تھے، اس کے حوالے سے جناب وزیر اعلیٰ صاحب نے وضاحت کی ہے اور وہ ہم اس مجلس میں کافی سمجھتے ہیں۔

جناب سپیکر: میڈم آمنہ سردار۔

محترمہ آمنہ سردار: شکریہ جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں ایک گزارش ہے۔

محترمہ آمنہ سردار: جی جی۔

جناب سپیکر: کہ آپ کو موقع ملا، آپ دیکھیں یہ کیونکہ اگر آپ نے اپنی کٹ موشن واپس لینی ہے۔۔۔۔

محترمہ آمنہ سردار: جی۔

جناب سپیکر: تو مہربانی ہو گی یا جس طرح آپ کی مرضی ہے لیکن ٹائم کا خیال رکھیں۔۔۔۔۔

محترمہ آمنہ سردار: ٹھیک ہے جی۔

جناب سپیکر: کیونکہ ہمیں کافی، 59 وہ ہیں، ہم نے یہ کرنے ہیں۔

محترمہ آمنہ سردار: ٹھیک ہے جی، ٹھیک ہے جی، جناب وزیر اعلیٰ صاحب نے ہمیں تسلی دی ہے اور وزیر خزانہ صاحب نے ہمیں یقین دہانی کرائی ہے تو تسلی اور یقین دہانی کے ساتھ ساتھ ہمیں فنڈ بھی چاہیئے۔ بہت شکریہ اور میں اپنی کٹ موشن واپس لیتی ہوں، Thank you so much۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: میڈم روقیہ حنا۔

محترم رقیہ حنا: جی میں اپنی کٹ موشن واپس لیتی ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: سید جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: سر میں واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب، میں اپنی کٹوتی کی تحریک واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: محترمہ ثوبیہ شاہد۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر صاحب، جب سے میں نے ہوش سنبھالا ہے تو ریگی للمہ کا ایک نام سن رہی ہوں کہ ڈیویلپمنٹ ہو رہی ہے، اس کے بارے میں پوچھنا ہے یہ کب Complete ہو گا؟ اس محکمے سے ریگی للمہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ Basically اس کا اس سے تعلق نہیں ہے، جو Concerned department ہے، جو منسٹر ہو گا پھر اس کے ساتھ بات کریں گے، لوکل گورنمنٹ۔۔۔۔۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: چلو واپس لیتی ہوں لیکن اس پہ ذرا غور کریں

(تالیاں)

جناب سپیکر: عبدالستار صاحب۔

جناب عبدالستار خان: Withdraw کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: واپس لیتے ہیں؟

جناب عبدالستار خان: جی ہاں۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Okay. Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 3, therefore, the question before the House is that Demand No. 3 may be granted? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. Demand is granted.

(Applause)

Mr. Speaker: Honourable Minister for Law, on behalf of honourable Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 4.

وزیر قانون: تھینک یو سر۔ سر، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 24 کروڑ 25 لاکھ 2 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات اور شعبہ شماریات کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. 24 crore, 25 lac, two thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Planning & Development and Statistics Department.

‘Cut motions on Demand No. 4’: Arbab Akbar Hayat Khan, to please move his cut motion on Demand No. 4.

ارباب اکبر حیات: سر! میں ایک ہزار روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one thousand only. Madam Aamna Sardar, to please move her cut motion on Demand No. 4.

محترمہ آمنہ سردار: جی میں چار لاکھ 51 ہزار روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔ شکریہ جناب سپیکر۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees four lac, 51 thousand only. Madam Ruqia Hina, to please move her cut motion on Demand No. 4.

محترمہ رقیہ حنا: جناب سپیکر! میں پچاس ہزار روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees fifty thousand only. Madam Romana Jalil, to please move her cut motion on Demand No. 4.

محترمہ رومانہ جلیل: دو سو روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees two hundred only. Mr. Muhammad Reshad Khan, to please move his cut motion on Demand No. 4.

جناب محمد رشاد خان: جناب سپیکر! میں ڈیمانڈ نمبر 4 میں سے ایک سو روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Sardar Mehtab Ahmad Khan, to please move his cut motion on Demand No. 4, not present, it lapses. Sardar Aurangzeb Nalotha, to please move his cut motion on Demand No. 4.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر! میں پندرہ لاکھ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees fifteen lac only. Sardar Zahoor Ahmad Khan, to please move his cut motion on Demand No. 4.

سردار ظہور احمد: جناب سپیکر! میں تین لاکھ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees three lac only. Syed Jaffar Shah, to please move his cut motion on Demand No. 4.

جناب جعفر شاہ: زہ د سلو روپو د کٹوتئ تحریک پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Mr. Shah Hussain, to please move his cut motion on Demand No. 4.

جناب شاہ حسین خان: شکریہ جناب سپیکر۔ زہ د ځلور سوہ ځلور څلویښت روپو کټ موشن پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees four hundred and forty four only. Madam Sobia Shahid, to please move her cut motion on Demand No. 4.

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر صاحب! سات سو روپے کی کٹ موشن پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees seven hundred only. Mr. Saleh Muhammad, to please move his cut motion on Demand No. 4. Not present, it lapses. Madam Uzma Khan, to please move her cut motion on Demand No. 4.

محترمہ عظمیٰ خان: میں دو ہزار روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees two thousand only. Mr. Askar Parvez, to please move his cut motion on Demand No. 4. Not present, it lapses. Mr. Ghulam Muhammad, to please move his cut motion on Demand No. 4.

جناب غلام محمد: میں جی واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Mr. Abdul Sattar Khan, to please move his cut motion on Demand No. 4.

جناب عبدالستار خان: سر میں ڈیمانڈ نمبر 4 پر پچاس لاکھ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees fifty lac only. Mr. Muhammad Asmatullah, to please move his cut motion on Demand No. 4.

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر، میں مطالبہ زر نمبر 4 میں تین روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

ایک رکن: واہ

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees three only.

ایک رکن: آپ اس کو نقد دیدیں تو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: (قہقہہ) یہ کہتے ہیں کہ آپ اس کو نقد دیدیں تو مطالبہ پورا ہو جائے گا۔۔۔۔

(قہقہہ)

ایک رکن: تین روپے کا نوٹ نہیں ہے آجکل۔

Mr. Speaker: Maulana Mufti Fazle Ghafoor, to please move his cut motion on Demand No. 4.

مولانا مفتی فضل غفور: محترم جناب سپیکر! زه په ډیمانډ نمبر 4 باندې د 250 روپو کټ موشن تحریک پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees two hundred and fifty only. Mian Zia-ur-Rehman, to please move his cut motion on Demand No. 4. Not present, it lapses. Mr. Muhammad Shiraz, to please move his cut motion on Demand No. 4.

جناب محمد شیراز: جناب سپیکر، میں ڈیمانڈ نمبر 4 پر دس ہزار روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by ten thousand only. Nawabzada Wali Muhammad Khan, to please move his cut motion on Demand No. 4.

نوابزادہ ولی محمد خان: جناب سپیکر صاحب، دا محکمه خو ډیره خطرناکه محکمه ده خو چونکه دا محکمه وزیراعلیٰ صاحب سره پخپله ده نو زمونږ کوم هغه مطلب دا دے کټ موشنې دی، هغه ټولې په وزیراعلیٰ باندې دی نو لهذا زه وزیراعلیٰ صاحب ته دا ریکویسټ کوم چې په دغه منصوبه کښې مونږ د مطمئن کړی یا د په دیکښې مونږ نه د رائے واخستلې شی نو په دغه صورت باندې زه د وزیراعلیٰ صاحب د وجه نه خپل دا کټ موشن واپس اخلم۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: واپس اخلې، واپس، Withdrawn؟

نوابزادہ ولی محمد خان: او جی، واپس اخلم۔

وزیر قانون: سر، میری گزارش یہ ہے کہ جتنے بھی ہمارے ممبران صاحبان ہیں، یقیناً محکمہ پی اینڈ ڈی ایک ایسا محکمہ ہے کہ تمام ممبران اپنے حلقوں کے مسائل لیکر جاتے ہیں لیکن سر، اگر ہم اس ڈیمانڈ نمبر 4 کو

دیکھیں تو Basically اس میں ان کی تنخواہیں ہیں، اگر کسی کو ڈیویلپمنٹ پر اعتراض ہے تو وہ ڈیمانڈ نمبر 50 ہے، یہ ان کی Choice ہے کہ اس پہ ڈیمانڈ نمبر 50 کے وقت بات کرنا چاہتے ہیں یا ابھی کرنا چاہتے ہیں کیونکہ یہ جو ہے یہ فی الحال ان کی تنخواہیں ہیں اور ان کے Cell کی، آپ کی جو مختلف برانچز ہیں، ونگز ہیں، میری یہ گزارش ہو گی کہ اگر یہ اس کو Withdraw کر لیں اور جو ڈیویلپمنٹ والا ہے، اگر ڈیمانڈ نمبر 50 کے وقت یہ اپنی تجاویز دیدیں تو وہ زیادہ بہتر ہو گا، باقی ان کی Discretion ہے جیسے مناسب سمجھتے ہیں۔

جناب سپیکر: میری تمام معزز اراکین سے ریکویسٹ ہو گی کیونکہ نماز کا ٹائم ہے، اذان ہونے والی ہے، اگر آپ لوگ Collective اس پہ بات کرنا چاہیں یا اس کو واپس لینا چاہیں، جس طرح ہے تو دیکھ لیں آپ، کیونکہ ٹائم بہت شارٹ ہے، میں چاہتا ہوں کہ اس کی وجہ سے۔۔۔۔۔

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر صاحب، زه یو عرض کوم جی۔ داسې وه چې کله دا هاؤس ډیر پخوا د درې ځلویښت کسانو وو نو د کټ موشنز د پاره بیا هم دغه دوه ورځې وې، اوس دا هاؤس الحمدلله د یو سل او ځلیریشت کسانو دے نو پکار دا ده چې دې کټ موشنز د پاره ورځې زیاتې شی ځکه چې دا دومره ممبران صاحبان دی، دوئ به پرې خبرې کوی نو دا جی، لکه دې له ورځې زیاتول پکار دی ځکه چې هغه هاؤس او دې هاؤس کښې اوس فرق دے جی۔ مهربانی۔

جناب سپیکر: ارباب اکبر حیات خان!

ارباب اکبر حیات: جناب سپیکر صاحب، د سی اینډ ډبلیو په دې محکمه کښې څه ډیر مخصوص فنډ ډیر دے خو مخصوص ضلعې پکښې ملحوظ خاطر ئے ساتلې دی نو زما دا ریکویسټ دے آنریبل منسټر صاحب ته چې ټوټل فارن پراجیکټې دے، د دې تفصیلات د مونږ ته اووائی او د دې ضلعو په سطح باندې په تفصیل د اووائی چې دا په کوم طریقه کار به دوئ تقسیموی؟

وزیر قانون: جناب سپیکر سر! ہمارے جتنے بھی ممبران صاحبان ہیں، ان کا جو گلہ ہے، وہ اے ڈی پی کے حوالے سے ہے لیکن یہ جو ہے، اس میں ان کی تنخواہیں ہیں۔ اگر یہ ڈیویلپمنٹ پہ بات کرنا چاہتے ہیں تو وہ سر ڈیمانڈ نمبر 50 ہے، تو میری ان سے یہ گزارش ہو گی کہ اگر یہ اس پہ بات کریں بھی سہی تو اس میں سر، جو

چیزیں ہم مانگ رہے ہیں، وہ ان کی تنخواہوں کا بجٹ ہے، ڈیویلپمنٹ کا بجٹ ڈیمانڈ نمبر 50 ہے۔ تو اگر یہ اس وقت یہ باتیں کر لیں، ہم بھی اس پوزیشن میں ہوں گے کہ محکمے سے اس پہ کچھ Update بھی لے لیں گے کہ ان کا کیا Mechanism ہو گا؟ کیونکہ اگر فی الحال میں ان کو جواب دوں بھی سہی سر، تو یہ Actually وہ ڈیمانڈ ہے ہی نہیں جس کے متعلق ان کے Apprehensions ہیں، باقی ان کی Discretion ہے جیسے مناسب سمجھتے ہیں۔

جناب سپیکر: جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: سپیکر صاحب، منسٹر صاحب خبره وكړه خو دا زمونږ ډيمانډز چې دى دا د ډيپارټمنټ نه دى او Department means چې هغه خلق چې هغوى تنخواګانې اخلي نو هغې كښې، If the Speaker allows me، هغې كښې زه يو دوه درې خبرې كوم، يو خو دا چې دا Foreign aided كوم پراجيكټس دى نو هغې كښې زمونږ د پى اينډ ډى د رابطه كارئ چې كوم عنصر دے، هغه د نورو صوبو په وجه، په مقابله كښې ډير كمزورے دے، پاتې دے كمزورے او چې كه مونږ وګورو په Country level باندې نو چې څومره Foreign aided projects دى، هغه په نورو صوبو كښې ډير هغه فنډ راځى د ډونرز او زمونږ په صوبه كښې ډير كمے دے۔ دويمه خبره جى دا ده چې د PDWP دومره Delayed meetings كيږى چې هغې كښې بيا هغه سكيمونه ټول Delay شى لكه څنګه فنانس منسټر صاحب اووئيل او د هغې بيا Cost revision كيږى او هغې كښې بيا Cost د هغې ډبل شى نو هغه خزانې ته نقصان رسوى، PC-I په وخت نه تياريدل او Specially د دې Monitoring regime چې مانيټرنګ ميكنزم نشته په دې وجه باندې سكيمونه په وخت باندې Completion د هغې نه كيږى او كوالټى هم Suffer كيږى، نو دې دوه درې خبرو د پاره مونږ دا ډيمانډز پيش كړى وو چې د دې مونږ ته څه وضاحت وشى او د هغې تسلى راكړى۔

وزیر قانون: سر، میری گزارش یہ ہے کہ Technically ابھی بھی میں سمجھتا ہوں کہ یہ Relevant اس وجہ سے نہیں ہے کہ سر جو ہمارے پاس ایجنڈا پڑا ہوا ہے ڈیمانڈ نمبر 4 کا، تو اس میں سر، دیکھیں مطالبات زر کے صفحات 262 تا 291، Technically میں انہی چیزوں کا جواب دوں گا جو 262 سے لیکر 291

تک ہیں لیکن چونکہ ہمارے ممبر صاحب ہیں اور انہوں نے ایک بات کرلی ہے سر، اس حوالے سے ان کے کچھ Apprehensions جو ہیں، ٹھیک ہے کہ PDWP میں منصوبے آ کے رک جاتے ہیں اور Specially جب آپ اپوزیشن میں ہوں تو یہ مسائل آپ کو زیادہ ہوتے ہیں، مسئلہ سر، یہ ہے کہ Umbrella ADP اور یہ Umbrella ADP اس گورنمنٹ کو ورثے میں ملی ہے، اس کا زیادہ تر جتنا بھی انحصار رہا ہے 2002 onward، ایک مسئلہ اس ہاؤس کو یہ یقیناً درپیش رہا ہے کہ 03-2002 میں جو ہماری اے ڈی پی تھی، 12، 13 ارب روپے تھی، آج ہماری اے ڈی پی کا جو Volume ہے، وہ ایک سو ارب سے بھی اوپر کا ہے، ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ اگر آپ کی اے ڈی پی میں پیسے زیادہ آرہے تھے، اس کا Volume زیادہ ہورہا تھا، اس کی Thickness اور موٹائی بھی بڑھتی لیکن وہ Squeeze ہوتی گئی اور اس کیلئے سر مسئلہ یہ ہے کہ ہر ایگزیکٹیو نے کوشش یہ کی ہے کہ ایک ایسا Mechanism ہو کہ جہاں پہ Legislature جو ہو، وہ اس کے ساتھ اس طریقے میں آئے کہ وہ دروازہ کھٹکھٹانا پڑے۔ ابھی اس گورنمنٹ کو یہ چیز ورثے میں ملی ہے، آج بھی ہمارے قائد آئے تھے، آپ کے سامنے باتیں بھی ہوئیں اور انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مہربانی کرکے یہ جو ڈیویلپمنٹ ہے، اس کیلئے آپ ایک جامع پروگرام بنائیں، تو میری سر یہ گزارش ہوگی کہ یہ چیز اس گورنمنٹ نے نہیں کی، 10 سالوں کا ایک طریقہ کار چلا آرہا ہے، اس پر یقیناً وزیراعلیٰ صاحب اپنی ٹیم کے ہمراہ اور جو پارٹی کا ایک Vision ہے ڈیویلپمنٹ کے متعلق، تو وہ اس پر بیٹھیں گے اور اس میں جتنی بہتری آسکتی ہے، پھر یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اس میں جو اگر 200 number of schools in Khyber Pakhtunkhwa ہیں، ایک سوچ یہ بھی ہے کہ اس کو Devolve کرکے آپ ڈسٹرکٹ میں لے جائیں اور پھر ڈسٹرکٹ میں اس کے متعلق کیا ہوسکتا ہے؟ آیا وہ ڈسٹرکٹ ڈیویلپمنٹ ایڈوائزری کمیٹی کو Handover ہوتے ہیں یا جو بھی طریقہ کار بنتا ہے یا لوکل گورنمنٹ کے ذریعے بنتا ہے تو میری سر، یہ گزارش ہوگی جعفر شاہ صاحب سے کہ یہ ایک Mechanism ہے، آپ بھی ان دفاتر سے واقف ہیں، تو میری یہ گزارش ہوگی کہ۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: گنڈاپور صاحب! میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ ٹائم بہت شارٹ ہے، ابھی میرے خیال میں چار منٹ میں اذان ہوجائیگی، آپ سے ریکویسٹ یہ کرتے ہیں کہ اگر کوئی ہے تو سردار صاحب آپ کے

ساتھ بیٹھ جائیں گے اپنے چیمبر میں، آپ ان کو مطمئن کریں گے۔ تو سردار صاحب! آپ ان کے ساتھ بیٹھ جائیں اور مطمئن کریں، تو آپ اگر Withdraw کریں تو دیکھ لیں۔

وزیر قانون: میری گزارش یہ ہے کہ آپ مہربانی کرکے اور تمام ممبران سے میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ اس کو Withdraw کر لیں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے؟

وزیر قانون: اگر ڈیویلپمنٹ پر ہے تو ڈیمانڈ نمبر 50 پر آجائیں، تھینک یو سر۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر! جیسا کہ آپ تو جانتے ہیں کہ اس ہاؤس میں یہ اب سے نہیں ہے بلکہ شروع سے یہ ہوتا آرہا ہے کہ جب بجٹ پیش ہوتا ہے تو اپوزیشن بنچیز کے ممبران کٹ موشنز لیکر آتے ہیں ان محکموں پہ، اب یہ ان کے اختیار میں ہے کہ اگر آپ ان کو مطمئن کر لیتے ہیں تو یہ Withdraw کر لیں گے اور اگر نہیں تو۔۔۔۔۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر!۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ایک منٹ، ایک منٹ۔

وزیر قانون: سر، ایک تو یہ ہے، منور خان صاحب کی کٹ موشن ہے ہی نہیں۔

جناب سپیکر: ہاں۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: میری کٹ موشن نہیں ہے لیکن میں اس پر بات کر سکتا ہوں۔

وزیر قانون: ٹھیک ہے سر۔ سر، میری گزارش یہ ہے کہ جو متعلقہ ممبران صاحبان ہیں، میری گزارش یہ تھی کہ اگر General statement ہے کیونکہ سر اپوزیشن میں ہم بھی رہے ہیں، مقصد یہ ہوتا ہے کہ اصلاح احوال، انہوں نے جو نشاندہی کی، جعفر شاہ صاحب کو میرے خیال میں میں نے مفصل جواب دیدیا ہے، باقی سر، Technically speaking اگر 262 سے 291 کے درمیان کوئی ان کو چیز قابل اعتراض دکھائی دیتی ہے، Technically and legally ہم اس کا جواب دیں گے لیکن پھر بھی ممبران ہیں، میری یہ گزارش ہوگی ان سے، اگر ڈیویلپمنٹ کے متعلق کوئی Apprehension ہے، وہ ڈیمانڈ نمبر 50 ہے، اس وقت آپ یہ اپنی تجاویز دیں۔ تھینک یو سر۔

جناب سپیکر: مہربانی، مہربانی۔

سینیئر وزیر (خزانہ): یہ جو Umbrella schemes ہیں یعنی میں Agree کرتا ہوں کہ اس پر ہمیشہ وقت زیادہ لگ جاتا ہے، جب تک تمام سکیمز مکمل نہ ہوں، اس لئے جناب وزیر اعلیٰ صاحب نے ڈیپارٹمنٹ کو حکم دیا ہے کہ اس کیلئے ایسا Mechanism بنایا جائے کہ اگر ایک ہزار سکولز ہیں تو ایک ہزار سکولوں کا سارا پراسیس مکمل ہونے تک انتظار نہ کریں، آپ اس کو Divide کرلیں، 10، 10 کا، 20، 20 کا اور 25 کا جتنا آتا رہے اور فیلڈ میں اس پر کام شروع ہو جائے گا، اس کے نتیجے میں یہ وقت کم لگ جائے گا اور جو جعفر شاہ صاحب نے جس طرف توجہ دلادی ہے، وہ مشکل بھی ان شاءاللہ ختم ہو جائے گی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مہربانی جی، بہت۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب، اسرار اللہ صاحب تقریباً چار دفعہ تو خود اٹھے ہیں اور اتنی دیر میں ہم چار ممبر اپنے خیالات کا اظہار کر لیتے اور ہمیں ایسے پڑھا رہے ہیں جیسے ہم پہلی دفعہ اسمبلی میں آئے ہیں اور ہم بچے ہیں، یقیناً اسی لئے ہم کٹ موشنز لگاتے ہیں کہ ہم کوئی اپنی بات حکومت تک پہنچا سکیں، شاید حکومت کی اصلاح ہو جائے اور یقیناً ہم بھی یہ سمجھتے ہیں کہ اس میں کوئی فنڈ نہیں ہے، محکمے کی کارکردگی کی بات کرنا تھی، اگر آپ بیٹھ جاتے، ہمیں موقع دیتے تو اتنی دیر میں غالباً یہ (سب کچھ) مکمل ہو جاتا۔

وزیر قانون: سر، اصل بات یہ ہے کہ ابھی یہ ڈیمانڈ نمبر 4 پہ ہیں ہم اور یہ سارے ہم نے Wind up کرنی ہیں تین دن میں، میں تو سر جو ان کے Relevant apprehensions تھے، ستار صاحب کے یا باقی ممبران کے، ایڈمنسٹریشن کے متعلق یا ان کے جو اخراجات ہیں، ابھی سر اگر ہم مانگ رہے ہیں تنخواہیں اور بات کریں ڈیویلپمنٹ پہ، تو کم از کم ممبران صاحبان میری یہ اصلاح کرادیں کہ جو صفحات ہیں، اگر 262 سے 291 کے درمیان کچھ آپ کے Apprehensions ہیں کیونکہ محکمے کے بریف پڑے ہوئے ہیں تو ہم سر، اسی سے جواب دینگے، اگر General speech کرنی ہے تو سر۔۔۔۔۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر! یہ تو پی اینڈ ڈی کے وہ پڑے ہوئے ہیں، جناب سپیکر، یہ جو سامنے آیا ہے اس سے ہم مطمئن نہیں ہیں یہ تو پی اینڈ ڈی کا مسئلہ ہے لیکن کیا ہے تو انہی تنخواہ داروں نے نا؟ ہم کس

سے اعتر ض کریں، کس سے تر قیاتی، پر وہ تو اعتراض کے اہل ہی نہیں ہیں۔ اعتراض کا اہل وہ ہوتا ہے جو ذی روح ہوتا ہے، انسان ہوتا ہے۔

جناب سپیکر: آپ کیا چاہتے ہیں کہ اس کو ووٹ پر ڈالیں کیا؟۔۔۔۔۔

جناب محمد عصمت اللہ: ہاں ہاں۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: نہیں یہ تو سارے کٹ موشنز موؤ کر رہے ہیں نا، آپ بحث کر رہے ہیں ہزارہ کی۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: Okay, okay۔ پھر میں ایک ایک کو، میں نے صرف اسلئے ریکویسٹ کی، میں نے نماز کی خاطر ریکویسٹ کی تھی کہ ہمیں ٹائم شارٹ ملا ہے اور ہمیں کام زیادہ ہے، اگر آپ چاہتے ہیں تو ایک ایک کو میں Personaly وہ کرتا ہوں۔

(شور)

ملک قاسم خان خٹک: مونږ اوس درخواست ځکه کوؤ چې دا کار روان شی۔

جناب سپیکر: ملک قاسم صاحب! ملک قاسم صاحب، یو منټ تاسو جی، دا پروګرام چلوؤ چې دا ټائم مونږه سره دے، د هغې مطابق به مونږ تاسوله بیا ټائم درکوؤ ان شاءالله۔ اکبر حیات صاحب خبره وکړه، زما خیال دے چې دوئ وائی چې چا هم دغه پیش کړی وی چې هغه خپل نقطه نظر پیش کړی په دې باندې۔ زه اوس ـــــ میډم آمنه سردار۔

محترمہ آمنہ سردار: جناب سپیکر! اصل بات ہے Message convey کرنا، ہمیں اپنی بات آپ تک پہنچانا ہوتی ہے، بات یہ ہے تو اس کیلئے ٹھیک ہے میں اپنی کٹ موشن واپس لیتی ہوں۔

(ایوان کی کارروائی مغرب کی نماز کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: وقفہ کے بعد باقاعدہ اجلاس شروع کرتے ہیں۔

Madam Ruqia Hina, to please move her cut motion on Demand No. 4.

محترمہ رقیہ حنا: جناب سپیکر، میں Wthdraw کرتی ہوں۔

جناب سپیکر: میڈم رومانہ جلیل۔ مسٹر محمد رشاد خان۔

جناب محمد رشاد خان: جناب سپیکر، جیسا کہ صوبے میں تمام منصوبوں کا ذمہ دار پی اینڈ ڈی ہوتا ہے اور آج تک کوئی بھی ایسا خاطر خواہ منصوبہ سامنے نظر نہیں آیا جس سے ہم کہہ سکیں کہ یہ محکمہ ٹھیک کام کر رہا ہے۔ ہمشہ زیادہ تر سکیمیں جو ہوتی ہیں، وہ سفارش پر اور پتہ نہیں کس انداز میں ان کو مرتب کیا جاتا ہے اور میرا ہمیشہ یہ گلہ رہا ہے پی اینڈ ڈی سے، اگر پرسوں میں نے Budget speech کی ہے، اگر ماضی کی اسمبلی ہو، میں نے یہی کہا ہے کہ ان کے پاس کونسا پیمانہ ہوتا ہے؟ کبھی بتاتے ہیں کہ پسماندگی کی بنیاد پر سروے کیا گیا، کبھی بتاتے ہیں کہ یہ آبادی کی بنیاد پر یہ سب کچھ کیا گیا، تو یہ ہمیشہ، جب بھی میں نے Budget speech کی ہے، میں نے اس چیز کی نشاندہی کی ہے، محکمے کے اندر جو انسپکشن ہے، وہ بھی بالکل نہ ہونے کے برابر ہے۔ ان کی جو میٹنگز ہوتی ہیں PDWP، DDWP کی، First quarter review سے لیکر Second, third, forth سب میں ہمیشہ Minutes کے پیچھے ہم بھاگتے رہتے ہیں۔ ابھی جس طرح لاء منسٹر بھی موجود نہیں ہے، ____ موجود ہے؟ انہوں نے کہا، سی ایم صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، ایوان میں وہ خود بنفس نفیس موجود ہیں تو میں اپنی یہ کٹ موشن واپس لیتا ہوں لیکن میری ایک درخواست ہے کہ جس طرح ایک حکم پر یہ ٹی ایس پی، ممبران اسمبلی کا جو صوابدیدی فنڈ ہے، ایک حکم پر وہ ختم کر دیا گیا تو میں چاہونگا ایک حکم ایسا جاری کیا جائے جس سے پی اینڈ ڈی کی جو ہمیشہ تاخیری حربے ہیں، جب سے میں سنتا آرہا ہوں یہ تاخیری حربے ان کے چل رہے ہیں، وہ بھی ایک حکم سے ٹھیک ہو جائیں (تالیاں) کیونکہ ایک عرصہ سے یہ ایک سسٹم، طریقہ کار چلا آرہا ہے کہ لوگ آتے ہیں، پانی مانگتے ہیں، واٹر سپلائی سکیمیں مانگتے ہیں، روڈز مانگتے ہیں، سکول مانگتے ہیں، اگر ممبر اسمبلی یہ نہیں کریگا تو لوگوں میں شعور ہے، میرے خیال سے جب تک لوگوں میں یہ شعور نہ آئے، اس فیصلے کو روکنا چاہیئے، اگر نہیں تو ایک حکم پر تمام ڈیپارٹمنٹس کو خصوصاً پی اینڈ ڈی کو ٹھیک کیا جائے، تو یہ میری درخواست ہو گی۔ بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: Okay۔ سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب، میں نے اس محکمے کے اوپر اس لئے کٹ موشن کی تحریک لائی کہ یہ محکمہ بس صوبے کے وسائل کی منصفانہ تقسیم اس کی ذمہ داری ہوتی ہے تو میں پوچھتا ہوں جناب منسٹر صاحب سے بھی اور جنہوں نے اس صوبے کے وسائل کی تقسیم کی ہے، کیا یہ تقسیم منصفانہ ہوئی ہے؟ اور جناب سپیکر صاحب، میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں، منسٹر صاحب بھی بڑی اس کی حمایت کر رہے تھے تنخواہوں کی، ہم تو بات کرنے کیلئے اسمبلی میں آتے ہیں، کوئی سنتا ہے یا نہیں سنتا، ہمارے لوگ جو ہمیں یہاں پر بھیجتے ہیں، کم از کم وہ مطمئن ہو جاتے ہیں، جناب سپیکر صاحب! میں یہ پوچھتا ہوں کہ یہ جو تقسیم کی گئی ہے، یہ ڈویژن وائز برابر تقسیم کی گئی ہے اور میں یہ بھی پوچھتا ہوں کہ آیا ہزارہ ڈویژن خیبر پختونخوا کا حصہ ہے یا نہیں؟ اگر خیبر پختونخوا کا حصہ ہے ہزارہ ڈویژن تو میں منسٹر صاحب سے یہ پوچھتا ہوں کہ یہ جو تقسیم ہوئی ہے، اس میں ہزارہ ڈویژن کو کیوں نظر انداز کیا گیا ہے؟ جناب سپیکر صاحب، ہزارہ کے اندر پہلے بھی ایک احساس محرومی کی فضا چل رہی ہے اور یقیناً یہ جو میرے بھائی، منسٹر صاحبان ابھی پی ٹی آئی میں ہیں اور حکومت میں بیٹھے ہوئے ہیں، یہ خود بھی بڑے بڑے جلسوں میں خطاب کرتے رہے اور ہزارہ کے حقوق کی بات کرتے رہے ہیں، جناب سپیکر صاحب! کوئی خاطر خواہ منصوبہ ہزارہ کیلئے نہیں رکھا گیا، حویلیاں میں ایک جگہ 14 سو 26 کنال زمین پڑی ہوئی ہے، صوبائی گورنمنٹ نے خریدی ہے یونیورسٹی کیلئے، ابھی تک یونیورسٹی کا ایک کیمپس بنا ہوا ہے یونیورسٹی نہیں بنی، ہری پور میں اس کے بعد کیمپس بنا تھا وہاں پر یونیورسٹی کا کام شروع ہو گیا ہے، حویلیاں میرا حلقہ ہے، وہاں پہ غالباً 10 سال پہلے ایک گرلز ڈگری کالج نام اے ڈی پی میں منظور ہوا جو بچیوں کے پرائمری سکول میں چل رہا ہے جناب سپیکر صاحب، تو کیا پی اینڈ ڈی کا یہ حق نہیں تھا، اگر یہ صوبے کی منصفانہ تقسیم کرتے تو ہزارہ ڈویژن کا بھی اس میں حصہ کرتے۔ میں سمجھتا ہوں بالکل اس کیلئے ایک کمیشن جناب تشکیل دیا جائے جو کم از کم ہزارہ کے حقوق کا بھی خیال رکھے اور میں توقع رکھتا ہوں اپنے منسٹر بھائیوں سے کہ اگر ہزارہ کے حقوق کیلئے منصفانہ تقسیم نہ ہوئی تو ان شاءاللہ یہ ہزارہ کے حقوق کیلئے استعفیٰ دینے سے بھی دریغ نہیں کریں گے، خدا کے فضل کرم سے (تالیاں) ہزارہ کے ساتھ یکجہتی کریں گے۔ بڑی مہربانی اور میں اپنی تحریک بھی واپس لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: یوسف ایوب صاحب۔

جناب یوسف ایوب خان(وزیر مواصلات): اور نگزیب صاحب نے اچھی بات کی ہے،ادھر اللہ کے فضل سے مختلف پارٹیز کے لوگ ہزارہ ڈویژن کے بھی بیٹھے ہوئے ہیں، میں خود بھی ہزارہ سے ہوں اور اس چیز کو ہم Ensure کریں گے کہ جو ناانصافیاں پچھلے 10 سال میں ہزارہ کے ساتھ کی گئی ہیں اور اس کا ثبوت پچھلے 10 سال کی اے ڈی پیز ہیں، بجٹ ڈاکومنٹس ہیں، چاہے وہ ڈونر کے پراجیکٹس ہوئے، چاہے لوکل اے ڈی پیز ہوئیں تو 10 سالوں کا ریکارڈ دیکھیں تو اس میں ناانصافیاں۔۔۔۔۔

جناب محمد رشاد خان: منسٹر صاحب! آپ کس بنیاد پر یہ بات کر رہے ہیں؟ پی ٹی آئی کی۔۔۔۔۔

وزیر مواصلات: میں اس ہاؤس کا ایک ممبر ہونے کی حیثیت سے بات کر رہا ہوں (تالیاں) تو میں سردار اور نگزیب صاحب کی بات سے اتفاق کرتا ہوں اور اس چیز کو ان شاءاللہ یہ حکومت Ensure کریگی کہ ہزارہ ڈویژن کے ساتھ کسی قسم کی Disparities نہیں ہونگیں ان شاءاللہ۔ اب جو نسی Umbrella schemes ہیں، یہ باقاعدہ طور پر پورے صوبے میں برابری کے ساتھ تقسیم کی جائیں گی Unlike جو پچھلی دو گورنمنٹ میں ہوتا رہا ہے۔ مولانا صاحب اگر اپنے وقت کا بھی یہ بجٹ دیکھ لیں تو وہ سامنے ہو گا کہ وہ مخصوص دو تین ڈسٹرکٹس میں اربوں روپے کی فنڈنگ ہوئی ہے اور جو پسماندہ علاقے تھے، ان کو Neglect کیا گیا۔ شکریہ جی۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر صاحب! میں ایمانداری سے کہوں، اس وقت جو ہم چل رہے ہیں، اس سے پہلے اس طرح چلنا ہم نے کبھی بھی نہیں دیکھا تھا کیا یہ ممبران (تالیاں) یہاں خود کہہ رہے ہیں کہ فلاں صاحب نے یہ کہا ہے، فلاں صاحب نے یہ کہا ہے، کیا یہ اسمبلی ممبران اس قابل نہیں ہیں کہ یہ پروگرام خود بنا سکیں، یہ بجٹ ہم کسی باہر کے اشارے پر بنائیں گے، بیرونی مداخلت پر بنائیں گے، ان لوگوں میں اتنی صلاحیت و قابلیت نہیں ہے (تالیاں) کہ یہ خود بنا سکیں؟ اتنی بیرونی مداخلت میں نے کبھی بھی نہیں دیکھی ہے۔

جناب سپیکر: سردار ظہور صاحب۔

سردار ظہور احمد: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، میں نے اس محکمے کے بارے میں جو کٹوتی کی تحریک پیش کی ہے، اس کی ناقص کارکردگی کیوجہ سے کی۔ جس طرح میرے بھائی اور نگزیب نلوٹھا صاحب نے بات کی،

مجھے ان کی باتوں سے اتفاق بھی ہے، اسی کے ساتھ ساتھ اس کا جب PC-I بنتا ہے تو اس میں بڑی دیر ہو جاتی ہے اور یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ اس پر اتنا ٹائم کیوں لیا جاتا ہے اور Foreign funded projects کے اندر مرکز میں صوبے کی نمائندگی سنجیدگی سے نہیں کی جاتی جس کی وجہ سے بھی Loss ہوتا ہے اور میں اپنی کٹوتی کی تحریک واپس لیتا ہوں اور اس بات کے ساتھ کہ صوبوں کی تقسیم میں مخصوص اضلاع کو صرف نوازا گیا اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان شاءاللہ اس کا بھی منصفانہ فیصلہ ہوگا۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: سید جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: ما پکښې خبره کړې وه جی، زه واپس اخلم جی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مسٹر شاہ حسین صاحب۔

جناب شاہ حسین خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر، لکه څنګه چې د دې نوم نه واضحه ده چې دا به منصوبه بندی کوی بیا به ترقی کیږی خو د افسوس خبره دا ده چې د دې محکمې د کارکردګئ په وجه باندی یا د دې د منصوبه بندئ په وجه باندی چې کوم پسمانده اضلاع وې، هغه هغسې پسمانده پاتې شوې، کومې چې ترقی یافته اضلاع وې، هغې نوره هم ترقی وکړه۔ زما به دا درخواست وی چې دا محکمه د داسې منصوبه بندی وکړی چې کومې پسمانده علاقې دی، تحصیلونه دی، ضلعې دی چې هغې کښې فنډونه استعمال شی۔ زه د خپلې حلقې خبر وکړم جی، سیوا د یو Main road نه په آلائی تحصیل کښې یو پوخ روډ نشته دے، ټول کچه روډونه دی۔ داسې د بټګرام ضلعې، د شانګلې، د کوهستان ټولو داسې حال دے نو پکار دا ده چې دا منصوبه بندی لکه انصاف سره وکړی او د چیف منسټر صاحب په احترام کښې او د ګنډا پور صاحب په موجودګئ کښې زه خپل تحریک واپس اخلم۔

جناب سپیکر: میڈم ثوبیہ شاہد، مسٹر صالح محمد۔ میڈم عظمیٰ خان۔

محترمہ عظمیٰ خان: سر، میں اپنی کٹ موشن ووٹنگ کیلئے پیش کرتی ہوں۔

جناب سپیکر: لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: ابھی تو کافی، 20 بندے ہیں، وہ سارے اپنی اپنی یا واپس کر لیں تا کہ اگر ووٹنگ ہو تو ایک بار ہی ہو یا اگر میں ریکویسٹ کروں تو ایک ہی بار کروں کیونکہ ابھی یہ کچھ نام باقی ہیں یا انہوں نے واپس کر لی ہیں؟

جناب سپیکر: ہاں باقی ہیں۔

وزیر قانون: باقی نام بھی ہیں ناسر، ان سے بھی پوچھ لیں، دیکھیں وہ کیا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس میں ستار خان بھی ہیں۔۔۔۔۔

وزیر قانون: ستار خان بھی ہیں، مولانا عصمت اللہ صاحب بھی ہیں، ان سے بھی پوچھ لیں سر۔

جناب سپیکر: عسکر پرویز، مسٹر عبدالستار خان۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر! پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ، منصوبہ بندی اور ترقیات، میں نے اپنے زمانہ تعلیم میں ایک مطالعہ کیا تھا، اس کو میں آج پورے ہاؤس کے ساتھ Share کرتا ہوں۔ مولانا صاحب نے، عصمت اللہ صاحب نے سورۃ یوسف کی ایک آیت پڑھی ہے، غالباً میری کوئی غلطی ہوئی تو تصحیح بھی کرنا ہے، اس میں یوسف علیہ السلام کا ذکر کیا ہے۔ میں نے یہ پڑھا تھا جب طالبعلم تھا اس زمانے میں کہ یہ دو شعبے ایسے ہیں، خزانہ اور منصوبہ بندی، یہ اس خواب کی تعبیر ہے جو دو قیدیوں نے دیکھا تھا اس جیل میں، اور اس کی تعبیر بھی یوسف علیہ السلام نے دی تھی، ساتھ تشیر بھی کی تھی اور تدبیر بھی کی تھی اور یہ تدبیر جو ہے، آج تہذیبی دنیا میں جو منصوبہ بندی ہے اور خزانہ، میں نے سنا ہے، اسی وقت میرا یہ مطالعہ تھا، غالباً یہ دو وہاں سے آئے ہیں، بلکہ ان میں بہت بڑی ذمہ داری ہے اور بڑا اہم منصوبہ ہے ہمارے پورے سٹرکچر کا، اس میں جو 5 سال ہم نے دیکھا ہے، ایک چیز کی ہمیں پریشانی آرہی ہے سر کہ جو خصوصاً Umbrella schemes ہیں، اس میں ان کے سارے PC-Is تمام اضلاع سے جمع ہو کر ان کا Joint جو PC-I بنتا ہے، اس کے بعد ان کی Approval تک بہت ٹائم ضائع ہو جاتا ہے، اس لئے اس کو میری اس تجویز کے ساتھ Case to case بنائیں، جس ضلع سے جو کیس آئے، اس کی Approval ہو، اس میں تاخیر نہ ہو، تو یہ ایک میری تجویز ہے، چونکہ وزیراعلیٰ صاحب بھی آج بیٹھے ہیں، اپنی اس بات میں شاید مجھ سے اگر کوئی غلطی ہو گئی ہو، جو دو تین باتیں کی ہیں، اس کی تصحیح بھی کریں اور میں اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: مسٹر محمد عصمت اللہ۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر! منصوبہ بندی اور ترقیات، یہ سب سے اہم اور بنیادی مرحلہ ہوتا ہے۔ جناب والا، یہاں ہم اپنے محکمے کی کارکردگی کو اس لئے ناقص کہتے ہیں کہ ہمارے یہاں صوبے کے ذمہ داران جب وفاق سے اپنا Share مانگتے ہیں تو اس کیلئے کچھ اصول، کچھ استحقاقات اور دلائل دیتے ہیں، تو وہاں سے آبادی کے تناسب سے 82%، غربت کے تناسب سے 10% وغیرہ وغیرہ ادھر لے آتے ہیں اور یہاں لانے کے بعد خزانہ میں جمع کرنے کے بعد جب یہ خود منصوبہ بندی پہ بیٹھ جاتے ہیں تو پھر اس اصول کو جو مرکز سے لے آئے ہیں ہم مکمل طور پہ بھول جاتے ہیں۔ یہ کیوں، اس فعل کو ہم کونسا نام دیں، انصاف کا نام دیں، عدل کا نام دیں یا دوسرا کوئی نام دیں؟ جناب والا! میری یہ درخواست ہوگی کہ یہ حکومت جو یہاں آئی ہے، جناب سپیکر، میں آپ کی وساطت سے اس ہاؤس کو یہ یاد دلاؤں گا کہ ابھی تک درودیوار پر یہ نوشت اور نقش موجود ہے کہ "اب نہیں تو کب، ہم نہیں تو کون؟"، تو جناب والا! تو لہذا میری درخواست ہوگی کہ جس ترازو سے اور جس دلائل سے ہم مرکز سے فنڈ لے آتے ہیں تو یہاں اپنے صوبے کے تمام اضلاع کو، تمام علاقوں کو ہم اس بنیاد پہ کیوں دینے کیلئے تیار نہیں ہیں؟ ایک بات، دوسری بات یہ ہے جناب والا، یہاں کچھ تو جاری سکیمیں ہیں اور کچھ نئی سکیمیں، جناب والا! نئی جو سکیم یہاں رکھی گئی ہے، پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ نے اس کو کس بنیاد پر رکھا ہے؟ ہمارے وزیر خزانہ صاحب نے تو اپنی تقریر میں اس ہاؤس کے سامنے یہ ارشاد فرمایا ہے، تین رہنما اصول ہیں کہ پسماندہ اضلاع کو ترقی یافتہ اضلاع کے برابر لائیں گے، کیا انہوں نے ان نئی ترقیاتی سکیموں کو رکھنے میں اس رہنما اصول کو اپنایا ہے یا نہیں، اگر نہیں اپنایا ہے تو کیوں؟ جناب والا، ایسا نہیں ہے کہ جس کے ہاتھ پہنچیں، جس کو جس طریقے سے اختیارات پہنچیں تو وہ کرتا جائے، اگر کرتا جائے تو یہ وقت ہے گزر جائے گا لیکن پھر لوگ وہ وعدہ یاد دلائیں گے کہ ہم نے یہ نعرہ لگایا تھا کسی وقت کہ "اب نہیں تو کب، ہم نہیں تو کون؟" اور ہم نے انصاف اور انصاف کیلئے پھر ترازو کو ساتھ ملایا تھا لیکن اس ترازو کے ساتھ ہم نے کیا حشر کیا؟۔۔۔۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: شکریہ جی، واپس لیتے ہیں؟

(شور)

جناب محمد عصمت اللہ: چلو واپس لیتا ہوں۔ وما علینا الاالبلاغ، وما علینا الاالبلاغ___ ولکن اللہ یھدی من یشاء۔

جناب سپیکر: سراج الحق صاحب۔ کھول لیں جی مائیک، سراج الحق صاحب۔

سینیئر وزیر (خزانہ): محترم سپیکر صاحب! یہ جو انہوں نے تجویز دی ہے اور اس پہ کل عبد الستار صاحب نے بھی بات کی تھی کہ سکیموں میں غربت کو Highlight کیا جائے جس طرح نیشنل فنانس کمیشن میں غربت کو ایک بنیاد بنا کر اس کا کچھ حصہ رکھا گیا ہے اور یہ خیبر پختونخوا کا بہت پرانا Claim تھا جو گزشتہ این ایف سی میں اس کو تسلیم کیا گیا ہے اور اس سے بڑا فائدہ ہوا ہے۔ سر، یہاں خیبر پختونخوا میں بھی ہمارے بجٹ میں کئی ایسی سکیمز ہیں، غربت کی بنیاد پر وہ سکیمز دی گئی ہیں، ہیں تو صوبائی لیول پہ، اور وہ سروے بھی یہاں صوبے کے طور پر نہیں بلکہ ورلڈ بینک نے کی ہے اور اب سارے فگرز موجود ہیں اور اس صوبے کے کوئی 12 اضلاع ہیں، ان میں اگر Insuline کے حوالے سے ہیں یا خطرناک بیماریوں کے علاج کے حوالے سے بھی ہیں یا وہ جو Hard area ہے، Hilly area ہے، اس میں خواتین یا لیڈی ڈاکٹر زڈیوٹی پر جائیں گی، ان کو زیادہ تنخواہ اور مراعات، الاؤنسز دینے کے حوالے سے ہیں تو اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے اپنے ہاں بھی پسماندگی اور غربت کی بنیاد پر ایک تصور تو ضرور موجود ہے۔ اس کے ساتھ ہی جس طرح مرکز میں ایک فنانس کمیشن ہے، اسی طرح پراونشل فنانس کمیشن بھی بنے گا (تالیاں) اور اس میں وسائل کی تقسیم کے حوالے سے دیکھا جائے گا۔ جس طرح سپیکر صاحب! مرکز میں یعنی ایک فیڈرل سسٹم ہے پاکستان میں جس کی چار اکائیاں ہیں، اسی طرح صوبہ میں بھی جو اضلاع ہیں، اس وقت 25 ہیں تو سارے اس کے بنیادی یونٹس ہیں، میں ان کی تجویز کے ساتھ Agree کرتا ہوں لیکن ابھی ہیں نہیں لیکن ہمارے ایجنڈے، ہمارے پروگرام میں شامل ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ اس کو بھی ہم Mature کریں گے۔

جناب سپیکر: مولانا مفتی فضل غفور صاحب۔

مولانا مفتی فضل غفور: جناب سپیکر صاحب! د پلاننگ اینډ ډیویلپمنټ ډیپارټمنټ په حواله باندې مختلف معزز اراکین اسمبلی خپل خپل کټ موشنز پیش کړل، خپل خپل Suggestions او خپل خپل تحفظات دا ئے پرې هم ورکړل، زه هم د دغې معزز اسمبلی د یو رکن په حیثیت باندې چې کله ګورم د دغې صوبې وسائلو ته

او بیا د هغې منصفانه تقسیم ته او بیا د هغې د پاره چې کوم وړومبنے قدم پورته شوے دے ، د دغې کتاب په شکل کښې نو زما په خیال باندې یواځې په اپوزیشن بنچونو باندې وروڼه نه بلکه په ټریژری بنچ باندې ناست زمونږ ډیر وروڼه به هم په دغه حواله باندې خپل څه تحفظات لری خو څوک ګله کولې شی څوک نشی کولې، زما دا وروڼه د دوئ چهرې ډیر سوالونه چې کوم دې نو دا مخې ته کوی چې یو ضلعې ته د روډز په مد کښې، هائی ویز یا ډسترکټ روډز په مد کښې ساړهې سات سو ملین روپئ دا ورکولې کیږی او بلې ضلعې ته هم په دغه مد کښې یو روپئ هم نه ورکولې کیږی نو زما په خیال باندې که دا پلاننګ وی او د ډیویلپمنټ فنډ دغه Distribution وی، کم از کم دې ته خو انصاف وئیل دا د انصاف سره ظلم دے ، (تالیاں) لهذا زه به دا اووایم چې یو پیره د بیا سروے وکړلې شی او په Umbrella schemes کښې د هغه ضلعې په First priority باندې Adjust کړلې شی کوم چې د New programs تحت هغه Ignore شوې دی۔ مونږ خو وایو چې د صوبې د ټولو سرکاری اهلکارو نه به مونږ د پوره پوره ډیوټئ ادا کولو مطالبه کوؤ، دا ټهیک ده۔ یو جناب سپیکر! Rights وی یو Responsibility وی، اعتدال دې ته وئیلے کیږی کوم سړے چې خپل حقوق غواړی چې هغه بل ته هم په انصاف سره حقوق ورکولې شی، دغې ته عدل وائی، دې ته انصاف وائی۔ زمونږ محترم معزز مشران تشریف فرما دی، مونږ خو په ټوله صوبه کښې د خلقو نه د حقوق غوښتنه کوؤ چې ډیوټئ له په وخت راځئ، حقوق صحیح ادا کوئ خو چې کله هغوی ته د حقوقو ورکولو وخت راشی نو بیا بعضې ضلعو ته ترجیح ورکوؤ او بیا به زه ډیره ګله په دې وکړم د خپل محترم جناب سراج الحق صاحب نه چې هغوی فنانس منسټر هم دی او دا به ورته اووایم چې جناب بیشکه تاسو خو جوابات ورکړی دی، شاید چې دا هاؤس نه وی مطمئن، په دغه شعر سره زه خپل کټ موشن واپس اخلم جناب سینئر منسټر صاحب، محترم جناب سینئر منسټر صاحب:

ے ادھر ادھر کی بات نہ کر یہ بتا خزانہ کیوں لوٹا
مجھے کسی اور سے نہیں تیری رہبری سے سوال ہے

(تالیاں)

جناب سپیکر: مسٹر محمد شیراز خان۔

جناب محمد شیراز: جناب سپیکر، سب سے اہم محکمہ پلاننگ کا ہے جس کا کام منصوبہ بندی ہے، لہذا میری تجویز ہے کہ جب بھی منصوبہ بندی کی جائے، تمام اراکین اسمبلی کی باہمی مشاورت سے سکیمیں دی جائیں اور جہاں ضرورت ہو وہاں ان کی مشاورت سے وہ سکیمیں دی جائیں، جہاں پہ ان سکیموں کی زیادہ اہمیت ہو اور ان کی ضرورت ہو۔ میں اپنی کٹ موشن منسٹر صاحب کی یقین دہانی کی وجہ سے، اگر وہ یقین دلائیں کہ اس طرح کی اہمیت دیں گے تو میں اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: اسرار گنڈاپور صاحب، اگر آپ کچھ۔۔۔۔۔

وزیر قانون: تھینک یو سر۔ سر، معزز ممبران کی تجاویز ہیں، ہم اور محکمے کے افسران بالا یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، یقیناً انہوں نے نوٹ کر لی ہیں۔ جو خدشات ہیں سر، کہ بعض Regions کو Touch ہی نہیں کیا گیا تو اس کے حوالے سے ان کی معلومات کیلئے میں یہ بتاتا چلوں کہ 35 ارب کے Foreign aided projects ہیں اور جس میں ملاکنڈ، ہزارہ، پشاور اور ساؤتھ کے جو اضلاع ہیں، مختلف پراجیکٹس میں ان کو نمائندگی دی گئی ہے اور ان شاءاللہ جیسے ہی وہ جاری ہوں گے تو ان سے باہمی جو رابطہ ہوگا، وہ ڈسٹرکٹ لیول پہ ان شاءاللہ ہوگا۔ اس کے علاوہ جو PC-I کے متعلق ان کے خدشات ہیں کہ وہ کیوں Delay ہوتے ہیں تو محکمہ پی اینڈ ڈی کو لائن ڈیپارٹمنٹس اپنی سکیمیں بھیجتے ہیں، PDWP کی جو میٹنگ ہوتی ہے، وہ مہینے میں تقریباً دو بار کوشش کرتے ہیں کہ ہو جائے لیکن اگر اس میں کوئی Delay ہو رہی ہے تو ہماری یقیناً یہ کوشش ہوگی کہ جو مثبت تجاویز آئی ہیں، اس پہ عملدرآمد کیا جاسکے۔ باقی ہماری بہن عظمیٰ خان صاحبہ نے جو اس ڈیمانڈ کے حوالے سے Press کیا ہے کہ ووٹ کرانا چاہتی ہیں تو میری ان سے ریکویسٹ ہوگی کہ ان کی پارلیمانی پارٹی کے باقی ممبران صاحبان نے Withdraw کر لیا ہے تو وہ بھی مہربانی کر کے اس کو Withdraw کریں اور ان شاءاللہ یہ جو ایک ماحول ہے، اسکے متعلق میں ان کو یہ Assure کراتا ہوں کہ ان شاءاللہ جو ان کے جائز مسائل ہوں گے، ان کا سدباب کریں گے۔

جناب سپیکر: عظمیٰ خان۔

محترمہ عظمیٰ خان: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، اس اسمبلی کی روایات بھی رہی ہیں اور یقیناً ہم اپنے منسٹر صاحبان کا اور سینیئر منسٹر صاحب کا اور سی ایم صاحب کا بڑا احترام کرتے ہیں، میں ان کے Honour میں Withdraw کرتی ہوں۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 4, therefore, the question before the House is that Demand No. 4 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr.Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted.

(Applause)

جناب محمود جان: جناب سپیکر صاحب، یو خبرہ کول غواړم۔

جناب سپیکر: محمود جان۔

جناب محمود جان: جناب سپیکر صاحب، یو گزارش کوم چې دا اجلاس لږ زر شروع کوئ نو دا به ډیرہ ښه وی ځکه چې دلته دا سټاف د لرې لرې علاقو نه راځی نو چې اجلاس لیټ ختمیږی نو سټاف واپس خپلو کلو ته ځی نو ډیر تکلیف وی ورته، نو دا مهربانی وکړئ چې تاسو او مونږ دا اجلاس یو گھنټه دوه مخکښې راغواړو نو چې دا کوم دلته سټاف دے، دوئ به خپلو کلو ته په ټائم رسی او مشکلات او څه تکلیف به ورته نه وی۔ ډیرہ مهربانی جی۔

سینیئر وزیر (خزانہ): جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: سراج الحق صاحب۔

سینیئر وزیر (خزانہ): سر، میری تجویز ہے کہ اپوزیشن کی طرف سے کٹ موشنز آتی ہیں، ہم سمجھتے ہیں کہ اس کا بنیادی مقصد ہمارے ڈیپارٹمنٹس اور محکموں کی اصلاح کرنا ہے لیکن اچھی بات یہی ہے کہ اگر کسی بھی محکمہ کے حوالے سے تین یا چار ساتھی بولیں یا آپس میں مشورہ کرلیں تو اس میں ایک ساتھی کو مکمل

وقت بھی مل جائے گا، مختلف پہلوؤں سے جو اصلاح طلب تجاویز ہیں، وہ بھی دیں گے اور ہم بار بار ایک ہی طرح کے Exercise سے بچتے ہوئے اپنا ٹائم بچا سکیں گے اور ایوان کا وقت بھی بچ جائے گا۔

(تالیاں)

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر صاحب، فنڈز بھی سراج صاحب لیں اور باتیں کرنا بھی۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی (مشیر برائے خوراک): شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، میری بھی یہی رائے ہے۔ ہم 10 سال سے ان بنچوں پر بیٹھے ہیں، یہ ہمارے Colleagues سارے ہمارے بھائی ہیں، بڑے قابل احترام ہیں، انہوں نے بڑی تیاری کی ہوئی ہے، اس دفعہ بجٹ میں انہوں نے بڑی اچھی باتیں کی ہیں اور وہی باتیں اب کٹ موشن میں ان کو Repeat نہ کریں، Repetition میں نہ جائیں۔ اور دوسری میری ان سے ریکویسٹ ہے آپ کی وساطت سے کہ یہ Select کر لیں کوئی اپنی کٹ موشنز کہ ایجوکیشن پر کرنی ہے، پولیس پر، کس پر کرنی ہے؟ چونکہ یہ 59 ہیں، اب ہم چار پر پہنچے ہیں، پھر جب آپ کا صوابدیدی اختیار ہے، آپ ان کو پھر تیسرے دن تک جو رہیں گے تو اس کو آپ Put کریں گے ووٹ کیلئے، تو پھر یہ بہت Important ہے کہ جس پر ہم چاہتے ہیں کہ ان پر بحث کریں اور تصحیح ہو محکمے کی اور ہمیں بھی اس میں کچھ ترمیم کرنی پڑے، کچھ ہم کر سکیں، گورنمنٹ کر سکے تو ان کو ٹائم مل جائے گا، یہ ٹائم ان کا اس طرح سے ہے تو میری یہ ریکویسٹ ہو گی، ایک تو جیسے سراج صاحب نے کہا کہ دو چار بھائی ہمارے بات کر لیں، دوسرا یہ کہ Select کر لیں اپنی لسٹ جس پر یہ کرنا چاہتے ہیں، باقی پر آپ ووٹ کر لیں۔ ایسے پہلے بھی ہوتا رہا ہے اور اب بھی اس طرح سے ہو جائے تو ہم سب کی اس میں وہ ہے، یہ ہم سب ایک چیز ہیں، ادھر والے اور ادھر والے جی، ہم نے کام چلانا ہے صوبے کا۔

جناب سپیکر: Basically اس لئے ہم نے کھلا چھوڑا ہے تاکہ اپنے دل کی بات بھی پوری طرح نکال سکیں، کوئی اس کو ایسا محسوس نہ ہو کہ ہمیں کوئی موقع نہیں مل رہا۔ ٹھیک ہے ٹائم لگے گا لیکن میرے خیال

میں اس کو ہم کھل کر ٹائم دینا چاہتے ہیں۔ (تالیاں) ابھی آگے کی طرف جاتے ہیں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: یہ جو بات کر رہے جناب سپیکر، کل تک یہ یہاں پر اپوزیشن میں بیٹھے تھے تو آج خود حکومت میں چلے گئے ہیں تو اپوزیشن کے ممبران کو بات نہیں کرنے دیتے ہیں۔ لودھی صاحب! ذرا مہربانی کریں وہ پچھلا وقت یاد کریں۔

جناب سپیکر: اب ایجنڈا کے اوپر آگے چلتے ہیں جی۔

The honourable Minister for Agriculture and Information Technology, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 5. Shehram Khan.

(تالیاں)

جناب شہرام خان (وزیر زراعت وانفارمیشن ٹیکنالوجی): بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ شکریہ سپیکر صاحب۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 5 کروڑ 41 لاکھ 79 ہزار روپے سے تجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران انفارمیشن ٹیکنالوجی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. 5 crore, 41 lac, 79 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Information Technology.

'Cut motions on Demand No. 5': Arbab Akbar Hayat Khan, to please move his cut motion.

ارباب اکبر حیات: اووہ سوہ روپئ کٹ موشن پیش کوم جناب سپیکر صاحب۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees seven hundred only. Madam Amna Sardar, to please move her cut motion on Demand No. 5.

محترمہ آمنہ سردار: جی شکریہ، جناب سپیکر۔ میں پانچ ہزار روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرنا چاہتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five thousand only. Madam Ruqia Hina, to please move her cut motion on Demand No. 5.

محترمہ رقیہ حنا: میں تین ہزار روپے کی کٹ موشن پیش کر رہی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees three thousand only. Sardar Mehtab Khan, to please move his cut motion on Demand No. 5. Not present, it lapses. Syed Jafar Shah, to please move his cut motion on Demand No. 5.

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر! میں پانچ سو روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five hundred only. Sardar Aurangzeb Nalotha, to please move his cut motion on Demand No. 5.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر! میں ایک لاکھ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may bed reduced by rupees one lac only. Mr. Salim Khan, to please move his cut motion on Demand No. 5.

جناب سلیم خان: سر، میں پچیس ہزار روپے کٹوتی کی موشن پیش کرتا ہوں جی۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees twenty five thousand only. Mr. Saleh Muhammad, to please move his cut motion on Demand No. 5. Not present, it lapses. Mr. Askar Parvez, to please move his cut motion Demand No. 5.

جناب عسکر پرویز: جناب سپیکر، میں دو ہزار روپے کٹ موشن کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees two thousand only. Mr. Abdul Sattar Khan, to please move his cut motion on Demand No. 5.

جناب عبدالستار خان: سر، میں ڈیمانڈ نمبر 5 پر دس لاکھ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten lac only. Mufti Said Janan, to please move his cut motion on Demand No. 5.

مفتی سید جانان: جناب سپیکر، زہ جی 85 لاکھ روپئ کٹوتئ تحریک پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees eighty five lac only. Mr. Munawar Khan Advocate, to please move his cut motion on Demand No. 5.

جناب منور خان ایڈووکیٹ: جناب سپیکر، میں دس ہزار روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔ تھینک یو سر۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten thousand only. Mr. Muhammad Asmatullah, to please move his cut motion on Demand No. 5.

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر، میں مطالبہ زر نمبر 5 میں چھ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees six only. Mian Zia-ur-Rehman, to please move his cut motion on Demand No. 5. Not present, it lapses. Madam Nighat Yasmin Orakzai, to please move her cut motion on Demand No. 5. Not present, it lapses. Arbab Akbar Hayat Khan.

ارباب اکبر حیات: جناب سپیکر صاحب، د زراعت دا محکمہ ډیرہ اہم محکمہ دہ، خاصکر زمونږ دا-----

جناب سپیکر: د آئی ٹی، انفارمیشن ٹیکنالوجی سرہ تعلق لری۔

ارباب اکبر حیات: انفارمیشن ٹیکنالوجی، او جی، 5 نمبر ٹھیک دے جی، وزیر زراعت او انفارمیشن ٹیکنالوجی، صوبہ خیبر پختونخوا-----

(شور)

ارباب اکبر حیات: غلطئ گنجائش شتہ جی؟

(قہقہے)

ارباب اکبر حیات: دا شہرام زما ملگرے دے، ډیر ښہ ہلک دے او تنگوؤ بہ ئے نہ، زہ بہ خپل دغہ واپس واخلم۔

جناب سپیکر: میڈم آمنہ سردار۔

محترمہ آمنہ سردار: جی بہت شکریہ، جناب سپیکر۔ جیسا کہ آج پوری دنیا ایک Global village ہے اس کی بہت زیادہ Advancement کی ضرورت ہے اس ادارے کو، تو اس کیلئے According to me, its funding is insufficient، تو اسکے جو فنڈز ہیں، ان کو Raise کرنا چاہیئے۔ میری یہی عرض ہے، میں اپنی کٹوتی واپس لیتی ہوں۔ Thank you so much۔

جناب سپیکر: میڈم رقیہ حنا۔

محترمہ رقیہ حنا: جناب سپیکر، میں اپنی کٹوتی کی تحریک واپس لیتی ہوں۔

جناب سپیکر: سید جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: تهینک یو جناب سپیکر۔ دا سې ده جي چې نن سبا د انفارمیشن اینډ کمیونیکیشن ټیکنالوجی دور دے او دیکبنې دا کټ موشن ما د دې د پاره پیش کړے وو چې ما وئیل چې زه یو ریکویسټ دا پیش کوم گورنمنټ ته چې د دې سیکټر ډیر زیات Importance دے او نن سبا Social media is playing a very important role چې د دې د پاره فنډ د نورو محکمو نه د کټ شی خو د دې فنډ د سیوا شی۔ د دې د پاره زما دا Suggestion دے۔

جناب سپیکر: سردار اورنگزیب نلوٹھا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب، منسټر صاحب خو ډیر ښه سړے دے، اسلئے میں اپنی کٹوتی کی تحریک واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مسٹر سلیم خان۔

جناب سلیم خان: جناب سپیکر صاحب، آئی ٹی کا محکمہ جو ہے، بہت اہم محکمہ ہے اور میرے دوست محترم شہرام خان کو یہ ملا ہے اور یہ خود بھی بڑے چونکہ Foreign degree holder ہیں، ان کے پاس جو ڈگری ہے Foreign سے پڑھے ہیں اور ان کو یہ بھی پتہ ہے کہ اس دور میں آئی ٹی کی کیا اہمیت ہے اور Computer literacy کتنی اہم ہے ہمارے بچوں کیلئے، خاصکر اس صوبے کے بچوں کیلئے جو پڑھ رہے ہیں، اس کے علاوہ بھی، تو ابھی تک اس ڈیپارٹمنٹ نے کوئی خاص کارکردگی نہیں دکھائی حالانکہ چاہیئے تو یہ تھا کہ یہ ہر ڈسٹرکٹ لیول پہ آئی ٹی سنٹر بنا لیتے، ہر سکول اور کالج لیول پہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وہاں پہ باقاعدہ کمپیوٹر لیبز ہوتیں مگر ابھی تک کوئی چیز ہمیں اس ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے نظر نہیں آرہی تو میری گزارش میرے محترم منسٹر سے یہی ہوگی کہ Kindly آپ اس ڈیپارٹمنٹ کے اوپر توجہ دیں اور جو آئی ٹی سنٹرز ہیں، مختلف ڈسٹرکٹ لیول پہ، تحصیل لیول پہ، کم از کم ان کو Establish کرنے کی کوشش کریں اور Secondly جو کال سنٹرز ہیں، آج کل ان کی جو اہمیت ہے، ان کی Establishment کیلئے میری گزارش یہی ہوگی کہ اس حوالے سے یہ ابھی سے اپنے کام کا آغاز کریں۔ تیسری میری ایک

Suggestion یہی ہوگی کہ جناب محترم سراج صاحب نے بھی کہا، ہمارے باقی وزراء نے اور چیف منسٹر صاحب نے بھی کہا کہ ہمارے جتنے بھی یہ انفارمیشن ہونگی وہ ساری آن لائن ہونگی اور نیٹ پہ ہونگی تو جو بھی جا کے Search کرے گا، اس کو سارا کچھ ملے گا تو میرے خیال میں ایک تو ہمارے پارلیمینٹیرین جو ہیں، ہماری اسمبلی میں جو ممبران ہیں، ان کو انفارمیشن ٹیکنالوجی کے حوالے سے خاص طور پر ٹریننگ کی ضرورت ہے، Secondly میری گزارش یہ ہے محترم منسٹر صاحب سے کہ جتنے بھی ممبران اسمبلی بیٹھے ہیں، مہربانی کر کے ہر ایک کو ایک ایک کمپیوٹر اور لیپ ٹاپ اگر Provide کریں تو اس شرط پر (تالیاں) میں اپنی کٹ موشن جو ہے، وہ واپس لیتا ہوں۔ تھینک یو سر۔

(تالیاں)

<u>اراکین</u>: لیپ ٹاپ۔

<u>جناب سلیم خان</u>: جی لیپ ٹاپ۔

<u>ایک رکن</u>: ہاں ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: مسٹر عسکر پرویز۔

<u>جناب عسکر پرویز</u>: سر، ایک تو ہمارے ملک میں ویسے تو آئی ٹی سپیشلسٹس بہت زیادہ آ رہے ہیں لیکن ان لوگوں کیلئے میں منسٹر صاحب سے گزارش کرونگا کہ کوئی ایسے پراجیکٹس شروع کریں جن سے ان آئی ٹی سپیشلسٹس کیلئے Jobs بھی Create ہوں کیونکہ وہ ان لوگوں کیلئے، وہ آئی ٹی سپیشلسٹس تو بن جاتے ہیں لیکن ان کیلئے کوئی Jobs وغیرہ وغیرہ نہیں ہیں اور دوسرا ماضی میں اس ڈیپارٹمنٹ نے جو اس سے Expected فائدہ تھا، وہ ابھی تک عوام تک پہنچا تو نہیں ہے اور ماضی میں اس کی کارکردگی بھی ٹھیک نہیں تھی لیکن ماشاءاللہ منسٹر صاحب کافی Young اور Energetic لگ رہے ہیں تو اگر یقین دہانی کرا دیں تو میں اپنی کٹ موشن کی واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: مسٹر عبدالستار خان۔

جناب عبدالستار خان: سر، یہ آئی ٹی، انفارمیشن ٹیکنالوجی کے حوالے سے ساتھیوں نے بات کی ہے، میں ایک چیز کو Highlight کرونگا یہاں پہ، یقیناً ہمارے پورے اس صوبے کے جوانوں کا، طالب علموں کا مطالبہ بھی ہے اور اس وقت کا تقاضا بھی ہے، ضروریات بھی ہیں ان کی۔ گزشتہ حکومت نے لیپ ٹاپ سکیم شروع کی تھی پنجاب حکومت کی تقلید میں، میں جس یونیورسٹی میں جاتا ہوں، کالج میں جاتا ہوں تو وہاں پہ طالب علم بڑا ایک شک کرتے ہیں اور خصوصاً Youth کے حوالے سے میں بھی سمجھتا ہوں اور ہم سب سمجھتے ہیں کہ تحریک انصاف کا ایک فوکس بھی Youth ہیں، ان میں بڑی مایوسی ہے اس حوالے سے، اس لحاظ سے میں گزارش کرونگا منسٹر صاحب سے کہ آپ ایک جوان بندہ ہیں، اٹھ کر اسی فلور پہ آج جوانوں کیلئے لیپ ٹاپ سکیم کے اجراء کا اعلان بھی کرلیں اور مجھے یقین دہانی بھی کرائیں تو اپنی کٹ موشن کی تحریک واپس لے لونگا۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مفتی سید جانان صاحب۔

مفتی سید جانان: زۀ خو جی دا ملګرو خبره وکړه، ترکئ صاحب ان شاء اللّٰه مونږ شهرام ورور نه امید لرو چې دے به ډیر محنت کوی او چې دا کومې کوتاهیانې دی، دا به لرې کوی او د لیپ ټاپ، ملګرو کومه خبره وکړه، بنه خبره ده چې ټولو ایم اے هلکانو ته یو یو ورکړی، که پلاټونه وی نو بیا اخبار والا ملګری لیکی چې ایم پی اے ګان دا پلاټونه غواړی خو کم از کم څه لیپ ټاپ ورته ورکړلې شی او زه دې سره دا خپل کټ موشن Withdraw کوم۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: مسټر منور خان ایډوکیټ۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: ډیره مهربانی سر۔ سر، دا مخکښې هم ګورنمنټ د آئی ټی پارک یو پروګرام شروع کړے وو او زه منسټر صاحب ته هم دا ریکویسټ کوم چې د لکی ډسټرکټ د پاره هم چرته یو آئی ټی پارک په دې موجوده بجټ کښې واچوی او زه دې سره دا خپل کټ موشن هم واپس اخلم۔ تهینک یو سر۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مسٹر محمد عصمت اللہ۔

جناب محمد عصمت اللہ: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، ویسے تو یہ چار عناصر کی مخلوط حکومت ہے۔

(قہقہے)

سینیئر وزیر (خزانہ): عناصر نہیں جماعتیں ہیں، جماعتیں کہیں۔

جناب محمد عصمت اللہ: ایک ہی چیز ہے، چلیں جماعتوں کی لیکن اس میں Main power وہ تحریک انصاف کے پاس ہے اور سب لوگوں کو پتہ ہے کہ تحریک انصاف ایک تبدیلی کے نعرے سے معرض وجود میں آئی ہے تو میں جناب منسٹر صاحب سے یہ پوچھونگا اگرچہ اس کا تعلق تحریک انصاف سے نہیں ہے لیکن ان کے اتحادی ہونے کے ناطے کہ یہ تبدیلی آپ لوگوں کو کچھ سہولت دیکر مراعات دیکر لائیں گے یا مراعات چھین کر لائیں گے؟ (قہقہے)

جناب محمد عصمت اللہ: اگر آپ لوگوں کو، نوجوانوں کو، صحافیوں کو مراعات دیکر لائیں گے تو پھر میرا سوال آپ سے یہ ہوگا کہ پہلے سے جاری سکیم میں جو مفت ایک لیپ ٹاپ کی سکیم تھی، اس کو کیوں کاٹا؟ شکریہ۔

جناب سپیکر: مسٹر شہرام خان۔

وزیر زراعت و انفارمیشن ٹیکنالوجی: شکریه جناب سپیکر صاحب۔ زه د معزز اراکین شکریه ادا کوم او حوصله افزائی د پاره ډیر بنه تجاویز ئے مخې له راغلل، یقیناً چې IT is a very very important sector for better future، د بنه مستقبل د پاره د آئی ټی دور دے جی، ټوله دنیا په آئی ټی باندې منحصره ده۔ زمونږ د ګورنمنټ پالیسی دا ده جی چې E-Governance ډیر زیات ضروری دے، د هغې وجوهات دا دی چې Transparency, good governance وی، Check and balance وی، دوئ ټول ممبران چې دلته کوم ناست دی، دلته هیډ آف دی ډیپارټمنټس، منسټران صاحبان ناست دی، سی ایم صاحب ناست دے، دوئ به باقاعده یو They will keep eye on everything، مطلب په هر یو شی باندې نظر ساتلې شی، ټول ډیپارټمنټس به یو بل سره Interlink وی ان شاء الله او چې کومه تبدیلئ خبره دوئ تپوس وکړو، یقیناً چې تبدیلی ټولو نه مخکښې د خپل ځان نه شروع کیږی چې زمونږ معاملات ټهیک وی، مونږ ټهیک یو، زمونږ

کردار او عمل ٹھیک وی، ان شاء اللہ ٹھیک بہ وی، ان شاء اللہ، دې هاؤس ته دې د پاره راغلی یو چې Deliver کړے شی نو د هغې د پاره مونږ دغه کوؤ۔ آئی ٹی پارکس او د دې Related یو خبره وکړله جی چې بالکل آئی ٹی پارک لکی کښې او نورو ډسٹرکټس کښې هم زمونږ ان شاء اللہ Plan بہ وی، مونږ بہ Plan کوؤ، کښینو یو طریقه ورله جوړؤ ان شاء اللہ چې مونږ د آئی ٹی دا ټیکنالوجی، دا سهولت هر یو ډسٹرکټ ته بہ ان شاء اللہ رسوؤ د سی ایم صاحب په وساطت سره او ټول زمونږ حکومت، د دوئ پالیسی ده ان شاء اللہ دا بہ مونږ ضرور کوؤ، ان شاء اللہ دا روان دغه کښې بہ لیپ ټاپ سکیم باندې دوئ خبره وکړه جی، بالکل پکار دے خو د هغې نه مخکښې چل ایزده کول مونږ ټولو له پکار دی، ماله مخکښې او نور له راپسې، ان شاء اللہ جی چې چل ایزده کړو بالکل لیپ ټاپس دغه هم کوؤ، د هغې چې تیر دور کښې ایوب اشاړی صاحب زما په خیال Promise کړے وو، هغه په پینځه کاله کښې پوره شوے نه دے نو زه داسې Promise نه کول غواړم، دغه نه کومه، ماته اووئیلی شو چې یره داسې څه شوی وو، معلومات راغلل ځکه مې Share کړه، بهرحال (قہقہے) ان شاء اللہ کیږی بہ، هر څه بہ کوؤ او نور Call certers په باره کښې دوئ خبره وکړه، بالکل بہ کوؤ ان شاء اللہ، مونږ بہ په راروان لس پینځلس ورځو کښې باقاعده آئی ټی پالیسی پلان ورکوؤ ان شاء اللہ، د ګورنمنټ هغه بہ بالکل واضحه وی دې هاؤس ته، دې ټول پارلیمنټ ته، عوامو ته ان شاءاللہ ریلیف بہ ورکوؤ او د Good governance یو مثال بہ ان شاء اللہ په دې دور کښې ان شاء اللہ کامیابیږی۔ ډیره ډیره مهربانی او زه د ټولو شکریه ادا کوم چې کوم کټ موشنې دوئ واپس واخستلې او سردار صاحب په اول ځل په پښتو کښې اووئیل، زما د پاره دا ډیر د عزت خبره ده، زه شکریه ادا کوم جی۔ تهینک یو، ډیره مهربانی۔

<u>Mr. Speaker</u>: Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 5, therefore, the question before the House is that Demand No. 5 may be granted? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

(Applause)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. Demand is granted. The Sitting is adjourned till 04:00 p.m. of tomorrow afternoon.

---

(اجلاس بروز منگل مورخہ 25 جون 2013ء بعداز دوپہر چار بجے تک کیلئے ملتوی ہوگیا)